https://www.facebook.com/dailyvoiceofnation

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified مسلسل 23 سال سے قوم کی نمائندگی APNA Member

کراچی، لاہور، راولپنڈی / اسلام آباد، پشاور، کوئٹہ، ملتان کی منفرد خبریں شائع کرنیوالا قومی اخبار

Daily QAUM KI AWAZ karachi

روزنامہ قوم کی آواز کراچی

چیف ایڈیٹر: فراست شاہ

ایگزیکٹیو ایڈیٹر: نصرت حارث

ایڈیٹر: ملک نواز بھٹی

مینجنگ ایڈیٹر: عدنان ملک

جلد:24 | جمعرات 11 ربیع الثانی 1448ھ 24 ستمبر 2026ء | شمارہ:199

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا!
''والدین تمہاری جنت بھی ہیں (اگر ان کے ساتھ حسن سلوک کرو) اور تمہاری دوزخ بھی (اگر ان کی نافرمانی کرو)۔''

تکبر کرنے والے
اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے
اور امر حا اور آ کھ والا برابر نہیں۔ اور نہ ایمان لانے والے نیکوکار اور نہ بدکار برابر ہیں (حقیقت یہ ہے کہ) تم بہت کم غور کرتے ہو O قیامت تو آنے والی ہے اس میں کچھ شک نہیں لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں رکھتے O اور تمہارے پروردگار نے کہا ہے کہ تم مجھ سے دعا کرو میں تمہاری (دعا) قبول کروں گا۔ جو لوگ میری عبادت سے از راہ تکبر کتراتے ہیں۔ عنقریب جہنم میں ذلیل ہو کر داخل ہوں گے O۔ (سورۃ مومن 40۔۔۔ ترجمہ آیت (58,60)

حضرت علیؓ
''جب تم دنیا کی مفلسی سے تنگ آ جاؤ
اور رزق کا کوئی رستہ نہ نکلے
تو صدقہ دے کر اللہ سے تجارت کرو''۔

ہفتے بعد شاہراہِ فیصل پر کراچی یکجا اور یک آواز ہو کر اپنا حق اپنا صوبہ مانگنے نکلے گا

گزشتہ 18 سال سے کراچی کے وسائل پر ڈاکہ ڈالا جا رہا ہے، اس شہر اور صوبے کے نوجوانوں کو ان کا جائز حق دلانے کا وقت آ گیا ہے، رہنما ایم کیو ایم

ہمارے ٹیکسز، سیلز ٹیکس اور بندرگاہوں کا پیسہ براہ راست شہر کی ترقی پر خرچ ہونے کے بجائے وزیراعلیٰ ہاؤس میں پارک ہو جاتا ہے، عوامی اجتماع سے خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایم کیو ایم پاکستان کے سینئر مرکزی رہنما اور وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ کراچی کے وسائل پر ڈاکہ ڈالا جا رہا ہے، اس شہر اور صوبے کے نوجوانوں کو ان کا جائز حق دلانے کا وقت آ گیا ہے۔ ہم اس ملک کے وارث ہیں اور خاموشی سے خیرات کا انتظار کرنے کے بجائے نئے انتظامی یونٹس اور صوبوں کی صورت میں اپنا حق لے کر رہیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے فیڈرل بی ایریا میں ہزاروں کی تعداد میں موجود پرجوش نوجوانوں (ZGen اور AlphaGen) کے عظیم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

وزیراعلیٰ سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ سادہ لباس افراد ہماری بیوروکریسی، پولیس، ڈی سیز اور ڈی پی اوز کو ڈرا اور دھمکا رہے ہیں، ہماری سنوائی نہیں ہو رہی جس پر پُرامن احتجاج کرنا ہمارا آئینی و قانونی حق ہے یہ کسی کے باپ کا نہیں ہم سب کا پاکستان ہے

پُرامن احتجاج ہمارا حق پاکستان ہم سب کا ہے

سہیل آفریدی

صوبائی کابینہ کے اجلاس سے خطاب میں انہوں نے کہا کہ گزشتہ تین چار دنوں سے سادہ کپڑوں میں ملبوس غنڈے ہمارے کارکنوں، تنظیمی عہدے داروں اور منتخب نمائندوں کو نشانہ بنا رہے ہیں، مواصلات و تعمیرات کے وزیر شکیل خان پر قاتلانہ حملہ اور انہیں اغوا کرنے کی کوشش کی گئی مگر ناکام رہے

ہمارے وزیر آبپاشی ریاض خان کے گھر پر بھی سادہ کپڑوں میں ملبوس غنڈا گرد پہنچے، ڈی آئی خان اور دیگر اضلاع میں بھی ہمارے کارکنوں اور منتخب نمائندوں کے ساتھ یہی سلوک کیا جا رہا ہے، ہمیں پرامن جدوجہد جاری رکھنی ہے، ان شاء اللہ بہت جلد ظلم کا دور ختم ہوگا

پشاور (مائیسٹرنگ ڈیسک) وزیراعلیٰ سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ سادہ لباس افراد ہماری بیوروکریسی، پولیس، ڈی سیز اور ڈی پی اوز کو ڈرا اور دھمکا رہے ہیں، ہماری سنوائی نہیں ہو رہی جس پر پُرامن احتجاج کرنا ہمارا آئینی و قانونی حق ہے یہ کسی کے باپ کا نہیں ہم سب کا پاکستان ہے۔ صوبائی کابینہ کے اجلاس سے خطاب میں انہوں نے کہا کہ گزشتہ تین چار دنوں سے سادہ کپڑوں میں ملبوس غنڈے ہمارے کارکنوں، تنظیمی عہدے داروں اور منتخب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

پرامن احتجاج ہمارا حق ہے، صوبائی کابینہ کے اجلاس سے سہیل آفریدی کا خطاب، (فائل فوٹو)

کراچی میں فائرنگ کے واقعات، خاتون سمیت 2 افراد زخمی

کراچی (این این آئی) شہر کے مختلف علاقوں میں فائرنگ کے واقعات میں خاتون سمیت 2 افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

ٹھٹھہ پولیس کی کارروائیاں، 13 ملزمان گرفتار

ٹھٹھہ (این این آئی) پولیس نے مختلف کارروائیوں کے دوران گٹکا ماوا اور منشیات فروشی میں ملوث 13 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

پشتون ثقافت پاکستان کی قومی شناخت کا خوبصورت حصہ ہے، بلاول بھٹو

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے پشتون کلچر ڈے کے موقع پر پشتون عوام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

کراچی میں غیر قانونی کرنسی ڈیلر گرفتار، 12 لاکھ 50 ہزار روپے اور ڈیجیٹل شواہد برآمد

گارڈن میں ایف آئی اے کی کارروائی، موبائل فونز سے ڈالرز و دیگر غیر ملکی کرنسی کی خرید و فروخت کے پیغامات مل گئے

کراچی (این این آئی) ایف آئی اے کارپوریٹ کرائم سرکل کراچی نے غیر قانونی کرنسی کی خرید و فروخت اور ہنڈی حوالہ میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ایک ملزم کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

مصطفیٰ عامر قتل کیس، انسداد دہشتگردی عدالت کی نشست خالی ہونے کا انکشاف

سندھ ہائیکورٹ میں ساعت، ملزم ارمغان کا عدالتی نوٹس وصول کرنے سے انکار، ساعت 13 اکتوبر تک ملتوی

کراچی (کورٹ رپورٹر) سندھ ہائیکورٹ میں مصطفیٰ عامر قتل کیس کا ٹرائل جلد مکمل کرنے کی درخواست پر ساعت کے دوران متعلقہ انسداد دہشتگردی عدالت کی نشست خالی ہونے اور ملزم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

نیو کراچی میں گھر میں کرنٹ لگنے سے خاتون جاں بحق

50 سالہ عالیہ کی لاش ضابطے کی کارروائی کیلئے عباسی شہید اسپتال منتقل

کراچی (این این آئی) نیو کراچی سیکٹر اے ون نور میں گھر کے اندر کرنٹ لگنے سے 50 سالہ خاتون جاں بحق ہوگئیں۔ چھپا حکام کے مطابق واقعہ عائشہ مسجد کے قریب پیش آیا، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

اہم خبر

یوسف فرخ کی گورنر سندھ سے سسر کے انتقال پر اظہار تعزیت

حسین اسلم بھٹی، جسٹس (ر) حسن فیروز اور کمیل یونس نے بھی نہال ہاشمی سے رنج و غم کا اظہار کیا

کراچی (بزنس رپورٹر) اردن کے اعزازی قونصل جنرل یوسف فرخ، وزیراعلیٰ سندھ کے معاون خصوصی حسین اسلم بھٹی، صوبائی اسکاؤٹ کمشنر جسٹس (ر) حسن فیروز اور بوہری کمیونٹی کے نمائندے کومیل یونس نے گورنر ہاؤس میں گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی سے الگ الگ ملاقاتیں کیں۔ ملاقاتوں کے دوران چاروں شخصیات نے گورنر سندھ کے سسر کے انتقال پر اظہارِ تعزیت کیا اور مرحوم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

ڈی جی کے ڈی اے کا کورنگی کا دورہ ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ کیا

زین العابدین انصاری نے مختلف منصوبوں کا جائزہ لیا، کام مقررہ معیار اور رفتار کے مطابق مکمل کرنے کی ہدایت

کراچی (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل کراچی ڈیولپمنٹ اتھارٹی زین العابدین انصاری نے بدھ کی علی الصبح کورنگی ٹاؤن شپ میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا دورہ کر کے کام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

کراچی میں شدید گرمی برقرار، اکتوبر بھی معمول سے زیادہ گرم رہنے کا امکان

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں ستمبر کے پہلے ہفتے سے جاری گرمی کی شدت برقرار ہے اور محکمہ موسمیات نے اکتوبر کا مہینہ بھی معمول سے زیادہ گرم رہنے کا امکان ظاہر کر دیا، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

ای او بی آئی ریٹائرڈ ملازمین کے مسائل کے حل کیلئے فوکل پرسن مقرر

کراچی (این این آئی) ای او بی آئی ریٹائرڈ ایمپلائیز ویلفیئر ایسوسی ایشن پاکستان کے پانچ رکنی وفد نے وفاقی سیکریٹری وزارت سمندر پار پاکستانی و ترقی انسانی وسائل اور صدر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

سندھ میں 500 الیکٹرک بسوں کی خریداری کی سمری کابینہ کو ارسال

50 ڈبل ڈیکر بسیں 30 نومبر تک سندھ پہنچ جائیں گی، شرجیل میمن

کراچی (این این آئی) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ محکمہ ٹرانسپورٹ نے 500 الیکٹرک بسوں کی خریداری کی سمری سندھ کابینہ کو ارسال کر دی ہے، کابینہ کی منظوری کے بعد صوبے کے مختلف شہروں میں مرحلہ وار نئی الیکٹرک بسیں چلائی جائیں گی۔ ایک بیان میں شرجیل انعام میمن نے کہا کہ سندھ حکومت پبلک ٹرانسپورٹ کے نظام کو مزید وسعت دے رہی ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

گورنر راج کا آپشن موجود، اسلام آباد پر حملہ کیا گیا تو تین دن عدالت ہوگی

وزیر وفاقی

اسلام آباد، پشاور (نمائندہ قوم کی آواز) وفاقی وزرا نے تحریک انصاف کو 27 ستمبر کے لانگ مارچ سے باز رہنے کیلئے ایک بار پھر سخت تنبیہ کر دی، گزشتہ روز وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے اسلام آباد میں ایکسپریس نیوز سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ تحریک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

کاروباری برادری کی مدت اسٹینڈنگ کمیٹیوں کا اہم کردار

سردار طاہر محمود

ایگزیکٹو کمیٹی ممبران، اسٹینڈنگ کمیٹی کنوینرز اور عملے کی گراں قدر خدمات کے اعتراف میں تقریب منعقد

طاہر ایوب، محمد عرفان چوہدری کو بھی شیلڈ پیش، شیخ طارق صادق نے ہمیشہ آئی سی سی آئی کے مفاد میں تعمیراتی اقدام کیے

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) کے صدر سردار طاہر محمود نے کہا ہے کہ چیمبر کے مقاصد کو عملی اقدامات میں ڈھالنے اور کاروباری برادری کی خدمت کے لیے اسٹینڈنگ کمیٹیوں نے اہم کردار ادا کیا ہے، جبکہ آئی سی سی آئی کی کامیابیاں کسی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر سردار طاہر محمود سابق صدر آئی سی سی آئی زبیر احمد ملک کو چیمبر کا مومنٹو پیش کر رہے ہیں، جبکہ سابق صدور محمد اعجاز عباسی اور میاں اکرم فرید بھی ان کے ہمراہ موجود ہیں۔ اس موقع پر آئی سی سی آئی کے سینئر نائب صدر طاہر ایوب، نائب صدر محمد عرفان چوہدری سابق صدر میاں شوکت مسعود ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین عبدالرحمٰن صدیقی مرزا محمد علی، وسیم چوہدری ذوالقرنین عباسی نجیب الٰہی ملک عمیر عزیز ملک راجہ نوید ستی، فیصل مزمل اسحاق، سیال محترمہ فاطمہ عظیم اور محترمہ شائلہ صدیقی، جبکہ آئی سی سی آئی کے سینئر اراکین اسرار مشوانی شاید عباسی رانا قیصر شہزاد چوہدری ارشد نواز بسرا نثار مرزا، شکیل عباسی اور مامون شفقت بھی موجود ہیں۔

پی آئی اے کے فضائی بیڑے میں مزید 5 طیارے شامل کرنے کا فیصلہ

2 بوئنگ 777 چھ ماہ کیلئے ویٹ لیز پر لینے کی منظوری، مزید 3 طیارے ڈرائی لیز پر حاصل کیے جائیں گے، یورپ اور برطانیہ کے آپریشنز بڑھانے کا منصوبہ

کراچی (این این آئی) پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز (پی آئی اے) کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے فضائی بیڑے میں اضافے اور آپریشنز کو بہتر بنانے کے لیے مزید 5 طیارے حاصل کرنے کی منظوری دے دی۔ ذرائع کے مطابق پی آئی اے بورڈ کے اجلاس میں 2 بوئنگ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

روشم خان قتل کیس میں جلد پیشرفت کا امکان، والد نے دھرنا ختم کرنے کا اشارہ دیدیا

منگھوپیر تھانے کے باہر 15 ویں روز بھی احتجاج جاری

والد روئیداد خان کا قاتلوں کی گرفتاری تک جدوجہد جاری رکھنے کا اعلان

کراچی (این این آئی) منگھوپیر گرین سٹی میں ڈکیتی کے دوران فائرنگ سے جاں بحق نوجوان روشم خان کے قتل کے خلاف منگھوپیر تھانے کے باہر ورثا اور علاقہ مکینوں کا احتجاجی دھرنا 15 ویں روز بھی جاری رہا، تاہم مقتول کے والد نے معاملات طے ہونے اور دھرنا ختم کرنے کا اشارہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

بہرے افراد کے انسانی حقوق کا تحفظ مشترکہ ذمہ داری ہے، وزیراعلیٰ سندھ

اشارتی زبان شناخت، تعلیم اور انسانی حقوق کا بنیادی ذریعہ ہے،

سندھ میں خصوصی تعلیم کے مراکز میں 49 ڈیجیٹل کلاس رومز قائم کیے گئے، مراد علی شاہ

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے عالمی یوم اشارتی زبان پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ بہرے افراد کے انسانی حقوق کا تحفظ اور انہیں مساوی مواقع کی (باقی صفحہ 28 بقیہ نمبر)

آباد ہیڈ آفس میں منعقدہ آگاہی سیشن کے موقع پر چیئرمین محمد حسین بخشی، ایس ای سی پی کے کمشنر مظفر احمد مرزا کو شیلڈ پیش کر رہے ہیں

آباد کاروبار کمپنیوں میں تبدیل کرنے اور رجسٹریشن پر غور

کمشنر مظفر احمد مرزا کی کاروباری رجسٹریشن آسان بنانے اور غیر رجسٹرڈ کاروباری اداروں کو کمپنی کا ڈھانچہ اپنانے کی ترغیب دینے پر بریفنگ

اجلاس میں چیئرمین آباد محمد حسن بخشی، سینئر وائس چیئرمین سید افضل حمید، وائس چیئرمین طارق عزیز میمن اور بلڈر برادری کے نمائندے موجود

کراچی (علیم نواب خان سے) ایسوسی ایشن آف بلڈرز اینڈ ڈویلپرز (آباد) کے ارکان نے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کے آگاہی سیشن کے بعد اپنے کاروبار کو کمپنیوں میں تبدیل کرنے اور ریئل اسٹیٹ انویسٹمنٹ ٹرسٹ (ریٹ) رجسٹرڈ کرانے پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

حمزہ فرخ پاکستان کلائمیٹ چینج اتھارٹی کے پہلے چیئرمین مقرر

آکسفورڈ یونیورسٹی، اسٹینفورڈ یونیورسٹی اور ولیم اینڈ میری کالج سے تعلیم حاصل کی

انہیں فوربز کی معروف ''30 انڈر 30'' فہرست میں بھی شامل کیا جا چکا ہے



کراچی (علیم نواب خان سے) حمزہ فرخ کو پاکستان کلائمیٹ چینج اتھارٹی کا پہلا چیئرمین مقرر کر دیا گیا ہے۔ ان کی تقرری دو سال کے لیے کی گئی ہے۔ حمزہ فرخ کو پاکستان کی تاریخ میں کم عمر ترین چیئرپرسن مقرر ہونے کا اعزاز بھی حاصل ہوا ہے۔ ان کی تقرری کو ملک میں موسمیاتی تبدیلی، ماحولیاتی تحفظ اور پائیدار ترقی کے حوالے سے ایک اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔ حمزہ فرخ نے اعلیٰ تعلیم کے لیے دنیا کے معروف تعلیمی اداروں میں تعلیم حاصل کی۔ انہوں نے آکسفورڈ یونیورسٹی، اسٹینفورڈ یونیورسٹی اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

بلاول بھٹو کا حاکم علی سولنگی کے انتقال پر اظہار افسوس

پیپلز پارٹی لاڑکانہ کے سرکردہ کارکن پارٹی کا اثاثہ تھے، خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی، چیئرمین پیپلز پارٹی

کراچی (این این آئی) چیئرمین پیپلز پارٹی | بلاول بھٹو زرداری نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

ذی سلام بینک کی سرائے عالمگیر میں نئی برانچ کا افتتاح

برانچ کا افتتاح ڈی آئی بی پاکستان کے سی ای او محمد علی گل فراز نے سرائے عالمگیر اور گردونواح سے تعلق رکھنے والے کاروباری رہنماؤں، کمیونٹی نمائندگان اور دیگر اہم شراکت داروں کی موجودگی میں کیا

اس اقدام کے ذریعے بینک اپنی ڈیجیٹل بینکاری سہولتوں کے ساتھ فزیکل نیٹ ورک کو بھی وسعت دے رہا ہے، تاکہ ملک بھر کی مختلف کمیونٹیز کو بین الاقوامی معیار کی بینکاری خدمات فراہم کی جاسکیں

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) ملک میں اپنے نیٹ ورک کو وسعت دینے کے لیے جاری وسیع پیمانے پر توسیعی اقدام کے تحت ڈی آئی بی پاکستان نے نیو میٹرو سٹی، سرائے عالمگیر میں نئی برانچ کا افتتاح کر دیا ہے۔ نمایاں مقام پر قائم کی گئی برانچ کا مقامی کمیونٹی کی خیر مقدم کیا اور افتتاح (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

کراچی، سرجانی ٹاؤن کا سرکاری اسکول مسائلستان بن گیا، 503 بچوں کا مستقبل داؤ پر

کراچی (این این آئی) ڈسٹرکٹ ویسٹ کی 16 یونین کونسلوں پر مشتمل ٹی ایم سی منگھوپیر کی زیر نگرانی 5 ڈی سرجانی ٹاؤن میں قائم محمد حسین پرائمری اینڈ الیمنٹری اسکول بنیادی سہولیات کی شدید قلت کا شکار ہو گیا، جہاں تقریباً 503 بچوں کا تعلیمی مستقبل مشکلات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

ایشین گیمز میں بھارت سے سامنا ہوا تو بھرپور مقابلہ کریں گے، مائیک ہیسن

کراچی (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ مائیک ہیسن نے کہا ہے کہ قومی ٹیم کل ایشین گیمز میں شرکت کے لیے روانہ ہوگی، ایونٹ کے لیے منتخب اسکواڈ میں نوجوان کھلاڑیوں اور سینئرز کا امتزاج رکھا گیا ہے۔ کراچی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مائیک ہیسن نے کہا کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

غیر قانونی پارکنگ اور بچت بازاروں کیخلاف کارروائی تیز کرنے کا فیصلہ

پارکنگ ممنوع قرار نہیں دی گئی وہاں شہریوں کے لیے مفت پارکنگ ہونی چاہیے،

جہاں پارکنگ کی اجازت نہیں وہاں واضح ''نو پارکنگ'' کے بورڈز نصب کیے جائیں، سید حسن نقوی

کراچی (این این آئی) کمشنر کراچی سید حسن نقوی نے شہر میں ٹریفک کے بڑھتے ہوئے دباؤ اور مسائل پر قابو پانے کے لیے غیر قانونی چارجڈ پارکنگ اور بغیر اجازت قائم بچت بازاروں کے خلاف کارروائیاں مزید مؤثر بنانے کی ہدایت کر دی۔ کمشنر کراچی کی زیر صدارت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

پاکستان کی معاشی شرح نمو 3.7 فیصد ہوگئی، نجی سرمایہ کاری میں 8.6 فیصد اضافہ

مضبوط زرمبادلہ ذخائر اور مسلسل اصلاحات معاشی منظرنامے کو سہارا دے رہے ہیں،

اے ڈی بی کی رواں مالی سال بھی شرح نمو 3.7 فیصد رہنے کی پیشگوئی برقرار

کراچی (این این آئی) ایشیائی ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) نے کہا ہے کہ پاکستان کی معاشی شرح نمو گزشتہ مالی سال کے دوران 3.2 فیصد سے بڑھ کر 3.7 فیصد ہوگئی، جبکہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

لاڑکانہ میں کار پر فائرنگ، 4 افراد قتل، ملزمان کی گرفتاری کیلئے کارروائی تیز

مقتولین کا اپنی برادری سے پرانے زمینی تنازع کا انکشاف، وزیراعلیٰ، وزیر داخلہ اور آئی جی سندھ کا نوٹس

لاڑکانہ / کراچی (این این آئی) لاڑکانہ شہر کے مصروف کاروباری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

کراچی، سرجانی ٹاؤن کا سرکاری اسکول مسائلستان بن گیا 503 بچوں کا مستقبل داؤ پر

کراچی (این این آئی) ڈسٹرکٹ ویسٹ کی 16 یونین کونسلوں پر مشتمل ٹی ایم سی منگھوپیر کی زیر نگرانی 5 ڈی سرجانی ٹاؤن میں قائم محمد حسین پرائمری اینڈ الیمنٹری اسکول بنیادی سہولیات کی شدید قلت کا شکار ہو گیا، جہاں تقریباً 503 بچوں کا تعلیمی مستقبل مشکلات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

پاکستان موسمیاتی تبدیلی کے خطرات سے دوچار ہے، محمد اورنگزیب

وزیر خزانہ کا موسمیاتی تبدیلی کے حوالے سے فنڈز تک رسائی کا طریقہ کار آسان بنانے پر غور

نیویارک میں اہم اجلاسوں سے خطاب، عالمی مارکیٹ سے مالی وسائل حاصل کرنے پر بھی زور دیا

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر اورنگزیب کا کہنا ہے کہ پاکستان موسمیاتی تبدیلی کے خطرات سے دوچار ہے، نیویارک میں اہم اجلاسوں سے خطاب کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ موسمیاتی تبدیلی کے حوالے سے فنڈز تک رسائی کا طریقہ کار آسان بنایا جائے، ان کا کہنا تھا کہ قدرتی آفات سے نمٹنے کے نظام، ابتدائی انتباہی نظام اور لاگت پر مبنی موسمیاتی سرمایہ کاری منصوبوں کو مضبوط بنانے کیلئے بیرونی معاونت کے ساتھ مالی وسائل اور مالیاتی گنجائش کو بھی بروئے کار لانا ضروری ہے، انھوں نے گرین کلائمنٹ اور لاس اینڈ ڈی میج فنڈز سے مالی معاونت تیز کرنے کا مطالبہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

زون 6 وائٹس نے انڈر 15 انٹر زونل کرکٹ ٹورنامنٹ جیت لیا

میڈی کیم گروپ کا ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کیلئے تعاون جاری رکھنے کا اعلان

کراچی (این این آئی) زون 6 وائٹس نے | زون 2 وائٹس کو 8 وکٹوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

محمد علی گلفراز، سی ای او ڈی آئی بی (DIB) پاکستان، مہمانوں اور اسٹیک ہولڈرز کی موجودگی میں ربن کاٹنے کی تقریب کے دوران 'نیو میٹروسٹی، سرائے عالمگیر' برانچ کا افتتاح کر رہے ہیں

کراچی: بزنس مین گروپ کے چیئرمین زبیر موتی والا، سینئر وائس چیئرمین انجم نثار سائٹ ایسوسی ایشن کے سرپرست سلیم یار لکھ، صدر عبدالرحمٰن فدا اور کراچی چیمبر کے صدر ریحان حنیف انتخابات میں حصہ لینے والے بی ایم جی امیدواروں کا تعارف پیش کر رہے ہیں

روزنامہ
قوم کی آواز
چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹو ایڈیٹر: نصرت حارث
نیوز ایڈیٹر: عدنان ملک
کراچی
Reg No. 1/T/0001/642446
ایڈیٹر انچیف و پبلشر فراست شاہ نے وائس آف نیشن گروپ آف پبلیکیشن کے زیر اہتمام روزنامہ ''قوم کی آواز'' کراچی سٹی پریس سے چھپوا کر B/11 بلاک 15 الرحمٰی ایونیو نیئر ممتاز منزل گلشن اقبال کراچی سے شائع کیا۔
GROUP OF PUBLICATION
VON
VOICE OF NATION
ایسوسی ایٹ ایڈیٹر: ایس ایم اقبال
جن قارئین کو اخبار نہ ملے یا تاخیر سے ملنے کی شکایت ہو تو براہ کرام ان نمبرز پر اطلاع کریں۔
021 34825826-29 Fax 021 4825830 www.qaumkiawaz.pk

پاکستان میں دہشت گردی۔۔۔!

سکیورٹی فورسز نے سوموار کو خیبر پختونخوا کے مختلف شہروں اور افغانستان سے ملحقہ سرحدی علاقوں میں زمینی اور فضائی کارروائیاں کرتے ہوئے 37 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ وفاقی وزارتِ اطلاعات ونشریات کے مطابق پاکستان کے اندر بالخصوص خیبر پختونخوا کے بے گناہ شہریوں کے خلاف دہشت گردی کے متعدد واقعات کے بعد سکیورٹی فورسز نے کوہاٹ، ہنگو اور ٹل میں منظم انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیے۔ ان کارروائیوں کے دوران دہشت گرد تنظیموں کے ٹھکانوں اور محفوظ پناہ گاہوں کو محدود فضائی حملوں سے بھی نشانہ بنایا گیا۔ وزارتِ اطلاعات کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ 20 ستمبر کو کوہاٹ، ہنگو اور ٹل میں کی گئی زمینی کارروائیوں کے دوران نو خوارج کو ہلاک کیا گیا۔ علاوہ ازیں، افغانستان سے ملحقہ سرحدی علاقے میں فتنہ الخوارج اور اِس سے وابستہ دہشت گردوں کے تین ٹھکانے تباہ کر دیے گئے۔ کارروائی میں خودکش حملہ آوروں کا ایک تربیتی مرکز بھی تباہ کیا گیا جبکہ کئی خودکش بمباروں سمیت مجموعی طور پر 28 دہشت گرد مارے گئے اور اِن کے ٹھکانوں میں موجود اسلحہ اور گولہ بارود کا ذخیرہ بھی تباہ کر دیا گیا۔ وزارتِ اطلاعات کا کہنا تھا کہ پاکستان کو درپیش دہشت گردی کے خطرے کی جڑیں افغانستان میں موجود ہیں جبکہ پاکستانی شہریوں کا تحفظ اور سلامتی ریاست کی اولین ترجیح ہے۔ بیان میں اِس عزم کا اعادہ بھی کیا گیا کہ عزمِ استحکام کے تحت انسدادِ دہشت گردی کی مہم ''غضب للحق'' پوری قوت اور رفتار کے ساتھ جاری رہے گی، غیر ملکی سرپرستی وحمایت سے ہونے والی دہشت گردی کا ملک سے مکمل خاتمہ کیا جائے گا۔ دوسری جانب، بلوچستان کے ضلع پنجگور میں سکیورٹی فورسز کی کارروائی کے دوران فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے مزید چار دہشت گرد بھی ہلاک کر دیے گئے۔ ملک میں دہشت گردی کی لہر پر گزشتہ چند ماہ کے دوران کسی حد تک قابو ضرور پایا گیا تھا تاہم اِس عفریت کا مکمل خاتمہ تاحال ممکن نہیں ہو سکا۔ دہشت گرد وقتاً فوقتاً اپنی موجودگی کا احساس دلاتے اور ریاستی اداروں کے ساتھ ساتھ بے گناہ شہریوں کو بھی نشانہ بناتے رہتے ہیں۔ گزشتہ جمعے کو نماز کے دوران خیبر پختونخوا کے ضلع کوہاٹ میں پولیس لائنز کے انتہائی حساس اور محفوظ علاقے میں واقع مسجد پر ہولناک حملہ کیا گیا جس میں 28 سے زائد افراد شہید ہوئے۔ شہداء ▯ میں 16 پولیس اہلکار بھی شامل تھے جبکہ 100 سے زیادہ افراد زخمی ہوئے۔ پولیس کے مطابق حملہ آور کی شناخت پاکستان میں مقیم افغان شہری مطیع اللہ کے طور پر ہوئی۔ یہ بات تو صاف ہے کہ دہشت گردوں کا کسی دین، اخلاق یا انسانی قدر سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ 2015ء ▯ میں پشاور کی امام بارگاہ پر حملے سے لیکر 2023ء ▯ کے پشاور پولیس لائنز دھماکے تک، دہشت گرد بارہا مساجد اور دیگر عبادت گاہوں کو نشانہ بناتے رہے ہیں۔ افسوسناک بات یہ ہے کہ افغان طالبان حکومت بھارت کا مکمل ساتھ دے رہی ہے۔ افغان انٹرنیشنل کی طرف سے شائع کی گئی ایک خفیہ تحقیقاتی رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ پاکستان میں دہشت گرد کارروائیوں کے لئے بھارتی خفیہ ایجنسی ''را''، طالبان کے جنرل ڈائریکٹوریٹ آف انٹیلی جنس (جی ڈی آئی) اور طالبان قیادت کے درمیان ایک منظم رابطہ موجود ہے۔ ''را''، طالبان انٹیلی جنس اور طالبان قیادت پر مشتمل یہ مبینہ نیٹ ورک 2025ء ▯ میں قائم کیا گیا تھا۔ یہ بھی دعویٰ کیا گیا ہے کہ طالبان انٹیلی جنس نے ہیبت اللہ کی ہدایات پر فتنہ الہندوستان، فتنہ الخوارج اور دیگر دہشت گرد گروہوں کے درمیان روابط استوار کیے۔ تحقیقاتی رپورٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ قندھار کے گورنر ملا شیریں نے القاعدہ اور فتنہ الخوارج (گل بہادر گروپ) کے ساتھ ملاقات کی جس میں بلوچستان میں دہشت گردی کے لئے بی ایل اے کی معاونت پر بات چیت کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق جولائی 2026ء میں طالبان کے جی ڈی آئی نے تین ملاقاتیں کرائیں جن میں پاکستان کے اندر دہشت گرد کارروائیوں کے لئے فتنہ الہندوستان کو بھرپور معاونت فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی۔

میرپور خاص میں انقلاب فاؤنڈیشن کا پہلا سالانہ اجلاس

چیئرپرسن ایڈووکیٹ عائشہ ملک نے خصوصی طور پر اسلام آباد سے آکر شرکت کی اور فاؤنڈیشن کے مشن اور وژن کی تفصیلات بیان کیں

میرور خاص (بیورو رپورٹ) میرپور خاص میں انقلاب فاؤنڈیشن کا پہلا سالانہ اجلاس۔ میرپور خاص میں انقلاب فاؤنڈیشن کا پہلا سالانہ اجلاس منعقد ہوا جس میں چیئرپرسن ایڈووکیٹ عائشہ ملک نے خصوصی طور پر اسلام آباد سے آکر شرکت کی اور فاؤنڈیشن کے مشن اور وژن کی تفصیلات بیان کیں۔ اجلاس میں حیدرآباد سے چیف حارث خان نے شرکت کی، اس موقع پر فیڈرل پریزیڈنٹ احسن ظہیر اور فیڈرل وومن ہیڈ آشین اقبال بھی موجود تھے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

ریجنل ڈائریکٹر، صوبائی محتسب اعلیٰ نے ڈسٹرکٹ اکاؤنٹنٹ آفس میرپور خاص میں کھلی کچہری منعقد کر کے سرکاری ملازمین اور پینشنروں کے مسائل وشکایات سنیں

میرپور خاص: (بیورو رپورٹ) ریجنل ڈائریکٹر صوبائی محتسب اعلیٰ میرپور خاص سید امداد علی شاہ نے ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس میرپور خاص میں سرکاری ملازمین اور پینشنروں کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

پاکستان تحریک انصاف کا عملی اقدام، میرپور خاص میں کھلے مین ہول پر اپنے خرچ سے ڈھکن نصب

میرپور خاص (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کا عملی اقدام، میرپور خاص میں کھلے مین ہول پر اپنے خرچ سے ڈھکن نصب۔ وسائل کی کمی کے باوجود شہر کی مرکزی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

جیکب آباد میں پسند کی شادی نہ ہونے پر نوجوان کی مبینہ خودکشی، نوجوان راحیل ابڑو نے مبینہ طور پر زہریلی چیز کھالی

جیکب آباد (نامہ نگار) جیکب آباد میں پسند کی شادی نہ ہونے پر نوجوان کی مبینہ خودکشی، نوجوان راحیل ابڑو نے مبینہ طور پر زہریلی چیز کھالی، حالت بگڑنے پر اسپتال منتقل کیا گیا، جانبر نہ ہوسکا، پولیس نے واقعے کی مزید تحقیقات شروع کردیں تفصیلات کے مطابق چنہ محلہ میں نوجوان راحیل ابڑو کی مبینہ طور پر زہریلی چیز کھانے سے موت واقع ہوگئی، واقعے کے بعد علاقے میں سوگ کی فضا قائم ہوگئی۔ ذرائع کے مطابق نوجوان راحیل ابڑو نے مبینہ طور پر زہریلی چیز کھالی، جس کے بعد اس کی حالت تشویشناک ہوگئی۔ اہلخانہ نے اسے فوری طور پر طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کیا، تاہم وہ جانبر نہ ہوسکا۔ ابتدائی طور پر بتایا جارہا ہے کہ نوجوان نے پسند کی شادی نہ ہونے پر انتہائی قدم اٹھایا، تاہم اس حوالے سے حتمی وجوہات کی تصدیق پولیس کی تحقیقات مکمل ہونے کے بعد ہی ہوسکے گی۔ پولیس نے تفتیش (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

جے پوآئی سندھ کے ترجمان ڈاکٹر اے جی انصاری کا صحافیوں کو عالمی امن کانفرنس میں شرکت کی دعوت

جیکب آباد (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام سندھ کے ترجمان ڈاکٹر اے جی انصاری نے حیدرآباد پریس کلب کا دورہ کیا جہاں انہوں نے پریس کلب کے سیکریٹری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

مختیار کارکنری کا مختلف پولیوٹرانزٹ پوائنٹس کا دورہ، انکاری والدین کو قائل کر کے بچوں کو قطرے پلوا دیے گئے

کنری (نامہ نگار) مختیار کار کنری دیدار حسین سمیجو نے جاری انسدادِ پولیو مہم کے دوران مختلف یونین کونسلز میں قائم پولیو ٹرانزٹ پوائنٹس اور فیلڈ ٹیموں کا دورہ کیا اور گھر گھر جاکر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

جیکب آباد کے عوام اب اسکول ہیڈز سے حساب لیں گے! ایس ایس بی فنڈز کا پول کھولنے کا عوامی اختیار، سرکاری اسکول کسی کی ذاتی جاگیر نہیں

جیکب آباد (نامہ نگار) جیکب آباد کے عوام اب اسکول ہیڈز سے حساب لیں گے! ایس ایس بی فنڈز کا پول کھولنے کا عوامی اختیار، سرکاری اسکول کسی کی ذاتی جاگیر نہیں; عوام ہیڈ ماسٹرز اور ہیڈ مسٹریسز سے ایس ایس بی فنڈز کے اخراجات کا حساب مانگنے کے مکمل مجاز! صوبائی وزیر تعلیم سید سردار علی شاہ کا واضح پیغام: "کرپشن کی نشاندہی کریں، فوری اور سخت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

تنگوانی، کندھ کوٹ میں بے گناہ شہریوں کا قتل عام جاری، پولیس کی بے بسی پر عوام میں شدید اشتعال

تنگوانی (رپورٹ: پیر بخش نوناری) تنگوانی، کندھ کوٹ اور آس پاس کے علاقوں میں امن و امان کی صورتحال انتہائی تشویشناک ہوگئی ہے، جہاں دن دہاڑے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

میرپور خاص: نواز آباد فیڈر پر کم وولٹیج کا مسئلہ سنگین، گھریلو برقی آلات متاثر ہونے لگے

میرپور خاص (بیورو رپورٹ) نواز آباد فیڈر پر کم وولٹیج کا مسئلہ سنگین، گھریلو برقی آلات متاثر ہونے لگے۔ تفصیلات کے مطابق میرپور خاص نواز آباد فیڈر سے منسلک علاقوں خیابانِ مصطفیٰ، شاہ پمپ کے قریب اور خانقاہِ چشتیہ کے اطراف میں کم وولٹیج کا مسئلہ گزشتہ کچھ عرصے سے مسلسل برقرار ہے، جس کے باعث علاقہ مکین شدید مشکلات کا شکار ہیں علاقہ مکینوں کے مطابق مذکورہ علاقوں میں بجلی کا وولٹیج بعض اوقات صرف 96، 100 اور 110 وولٹ تک رہ جاتا ہے، جس کے باعث گھریلو برقی آلات کے متاثر ہونے اور خراب ہونے کا خدشہ بڑھ گیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

پیپلز یوتھ ویسٹ کے تحت بلاول بھٹو زرداری کی سالگرہ کے حوالے سے شاندار تقریب منعقد

کراچی (رپورٹ: پیر بخش نوناری) کراچی صدر پیپلز یوتھ پی ایس 118 عبدالرؤف کا چھیلو کی جانب سے ڈسٹرکٹ ویسٹ میں چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

GOLD RATE

سونا 24K-(10 گرام)	387,517
سونا 24K-(فی تولہ)	452,000
سونا 22K-(10 گرام)	355,224
سونا 22K-(فی تولہ)	414,440
چاندی-(10 گرام)	5824

نماز ٹائمنگ

فجر	05:10 am
ظہر	01:30 pm
عصر	05:45 pm
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	09:15 pm

نرخ نامہ برائے پولٹری

نام	قیمت
برائلر مرغی	398/kg
برائلر مرغی کا گوشت	635/kg
انڈے (فارم) ہول سیل	244/Dozen
انڈے (فارم) ریٹیل	260(Dozen)

ٹرینوں کی آمدورفت

علامہ اقبال ایکسپریس	2:15	8:10
ہزارہ ایکسپریس	7:35	11:45
عوام ایکسپریس	7:00	7:16
سکھر ایکسپریس	11:10	7:10
کراچی ایکسپریس	6:00	11:45
بہاؤالدین زکریا	6:30	8:50
شالیمار ایکسپریس	6:00	11:45
پاکستان ایکسپریس	1:30	8:35
گرین لائن	10:00	1:55
تیزگام	5:30	9:55

کرنسی	قیمت خرید	قیمت فروخت
امریکی ڈالر	279.00	279.40
یورو	321.18	326.17
برطانوی پونڈ	371.49	375.25
امارات درہم	75.95	76.75
سعودی ریال	74.30	74.95
کویتی دینار	885.17	895.85
کینیڈین ڈالر	195.60	198.00
آسٹریلین ڈالر	176.25	178.50
عمانی ریال	724.50	733.00
جاپانی ین	1.91	1.97
ملائیشین رنگٹ	62.18	62.78
قطری دینار	76.18	76.88
بحرین دینار	740.30	748.30
ہانگ کانگ ڈالر	36.24	36.59
سنگاپور ڈالر	210	212
بھارتی روپیہ	3.12	3.21

International Roundup

ترتیب: علیم نواب خان
تصاویر: نسیم خان

شیخ سلطان بن محمد القاسمی نے 26 ویں شارجہ انٹرنیشنل نریٹر فورم کا افتتاح کر دیا

شیخ ڈاکٹر سلطان بن محمد القاسمی کی شرکت، عبدالعزیز المسلم نے دوستی کو انسانی اور ثقافتی اقدار کی اہم علامت قرار دیا

جارنو پیلٹونن، محمد یاسین اور اماراتی راویوں کو روایتی داستان گوئی اور ثقافتی ورثے کے تحفظ پر اعزازات دیے گئے

فن لینڈ مہمانِ خصوصی، جارنو پیلٹونن نمائندگی کریں گے، بحرین کو محمد یاسین کی شرکت کے ذریعے خصوصی اعزاز حاصل ہوگا

شارجہ (بزنس رپورٹر) سپریم کونسل کے رکن اور شارجہ کے حکمران شیخ ڈاکٹر سلطان بن محمد القاسمی نے بدھ کے روز شارجہ انٹی ٹیوٹ فار ہیریٹیج میں 26 ویں شارجہ انٹرنیشنل نریٹر فورم (SINF) کی افتتاحی تقریب میں شرکت کی۔ شارجہ انٹی ٹیوٹ فار ہیریٹیج کے زیر اہتمام فورم 23 سے 27 ستمبر تک ''دوستوں کی کہانیاں'' کے موضوع کے تحت جاری رہے گا، جس میں 30 سے زائد ممالک سے 100 سے زیادہ داستان گو، ماہرین، محققین اور میڈیا سے وابستہ افراد شرکت کر رہے ہیں۔ شارجہ انٹی ٹیوٹ فار ہیریٹیج کے صدر عبدالعزیز المسلم نے کہا کہ دوستی ایک گہری انسانی اور ثقافتی قدر ہے، جو نسل در نسل کہانیوں، اقدار اور تجربات کی منتقلی کا ذریعہ بنتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عرب اور اماراتی ورثے میں دوستی اور سماجی وثقافتی زندگی میں اس کی اہمیت کو اجاگر کرنے والی کہانیوں اور شخصیات کا ایک وسیع ذخیرہ موجود ہے۔ اس سال کے فورم میں فن لینڈ کو مہمانِ خصوصی کا درجہ دیا گیا ہے، جس کی نمائندگی اعزازی شخصیت ** جارنو پیلٹونن ** کر رہے ہیں۔ یہ اعزاز فن لینڈ کی داستان گوئی اور رزمیہ روایات بالخصوص معروف ''کالی والا'' سے وابستہ ثقافتی ورثے کے اعتراف میں دیا گیا ہے۔ ** مملکت بحرین ** کو بھی اس سال خصوصی اعزاز حاصل ہے، جس کی نمائندگی فنکار ** محمد یاسین ** فورم کی نمایاں شخصیت کے طور پر کر رہے ہیں۔ عبدالعزیز المسلم نے بتایا کہ فورم کے 26 ویں ایڈیشن میں علمی پروگرام، تربیتی ورکشاپس اور خصوصی اشاعتوں کے شعبے میں نئے اضافے کیے گئے ہیں، جبکہ اب تک 30 سے زائد خصوصی عنوانات شائع کیے جا چکے ہیں۔ فورم کے دوران ''دوستوں کے راز''، ''دوستوں کے مجموعے'' اور ''سرحدوں کے بغیر سفیر'' کے عنوان سے تین نمائشیں بھی منعقد کی جا رہی ہیں۔ ان میں ثقافتی مراکز، جامعات، ادارے، سرکاری محکمے اور دیگر تنظیمیں شریک ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شارجہ انٹرنیشنل نریٹر فورم ہر سال ثقافتی ورثے کے محافظوں اور یادداشت کے امینوں کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے ایک اہم پلیٹ فارم بن چکا ہے۔ فورم کے مختلف ایڈیشنز میں متحدہ عرب امارات، خلیجی خطے، عرب دنیا اور دیگر ممالک سے تعلق رکھنے والے 200 سے زائد مرد و خواتین داستان گوؤں کو اعزازات دیے جا چکے ہیں۔ افتتاحی تقریب کے دوران شارجہ کے حکمران اور دیگر شرکاء ▯ نے ایک فلم بھی دیکھی، جس میں دوستی اور محبت، احترام اور اعتماد پر مبنی تعلقات کے قیام میں اس کے کردار کو اجاگر کیا گیا۔ تقریب میں ایک فنکارانہ پرفارمنس بھی پیش کی گئی، جس میں دوستی، باہمی تعاون، رابطوں کے فروغ اور سماجی ہم آہنگی میں اس کی اہمیت کو مختلف مناظر کے ذریعے پیش کیا گیا۔ تقریب کے دوران ** شیخ ڈاکٹر سلطان بن محمد القاسمی ** نے ** جارنو پیلٹونن، محمد یاسین ** اور متعدد اماراتی داستان گوؤں کو داستان گوئی اور زبانی روایت کے شعبے میں خدمات اور ثقافتی ورثے کو آئندہ نسلوں تک منتقل کرنے کی کوششوں کے اعتراف میں اعزازات سے نوازا۔

شیخ سعود بن صقر القاسمی کی موجودگی میں راس الخیمہ میں جدید فضائی نقل وحرکت معاہدے پر دستخط

شیخ سعود بن صقر القاسمی نے ڈراوڈیلی سے ملاقات میں جدید ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت اور مستقبل کی نقل وحرکت پر بریفنگ لی

اسماعیل حسن البلوشی اور ڈاکٹر ہان جوئیشیان نے آریج کیساتھ معاہدہ کیا، راس الخیمہ میں فضائی ٹیکنالوجی ٹیسٹ زون قائم ہوگا

آریج راس الخیمہ ٹیسٹ زون کا بانی شراکت دار بنے گا، سیاحت، لاجسٹکس، ہنگامی خدمات میں جدید فضائی ٹیکنالوجی استعمال ہوگی

راس الخیمہ (بزنس رپورٹر) سپریم کونسل کے رکن اور راس الخیمہ کے حکمران عزت مآب شیخ سعود بن صقر القاسمی نے راس الخیمہ میں جدید فضائی نقل و حرکت کے حل تیار کرنے، آزمائش کرنے اور نافذ کرنے کے لیے تعاون کے معاہدے پر دستخط کی تقریب میں شرکت کی۔ یہ معاہدہ راس الخیمہ ٹرانسپورٹ اتھارٹی، راس الخیمہ محکمہ شہری ہوابازی اور چینی کمپنی آریج (Aridge) کے درمیان طے پایا، جو ایکس پینگ سے وابستہ جدید فضائی نقل و حرکت کے شعبے میں خصوصی مہارت رکھنے والی کمپنی ہے۔ معاہدے پر دستخط راس الخیمہ کے حکمران کے محل، صقر بن محمد سٹی میں اس وقت ہوئے جب شیخ سعود بن صقر القاسمی نے ** ایکس پینگ ایروہٹ کے بانی اور چیئرمین ڈراوڈیلی اور ان کے ہمراہ آنے والے وفد کا استقبال کیا۔ اس موقع پر راس الخیمہ ٹرانسپورٹ اتھارٹی کے ڈائریکٹر جنرل اور راس الخیمہ محکمہ شہری ہوابازی کے قائم مقام ڈائریکٹر جنرل ** انجینئر اسماعیل حسن البلوشی سمیت متعدد اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔ شیخ سعود بن صقر القاسمی نے کہا کہ یہ معاہدہ مستقبل کی نقل وحرکت کے حل تیار کرنے اور عالمی مہارت و جدید ٹیکنالوجیز سے استفادہ کرتے ہوئے زیادہ مؤثر اور پائیدار ٹرانسپورٹ نظام تشکیل دینے کی جانب ایک نیا قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکنالوجی کی حقیقی قدر اس کے عوام کی زندگیوں پر اثرات، ترقی میں معاونت اور خدمات کو بہتر بنانے کی صلاحیت میں ہے۔ راس الخیمہ میں جدت طرازی مستقبل کے وژن کا بنیادی حصہ ہے اور اسے کمیونٹی ومعیشت کی ضروریات پوری کرنے کے لیے مؤثر نظام تیار کرنے میں بروئے کار لایا جارہا ہے۔ شیخ سعود نے مزید کہا کہ ان کی خواہش ہے کہ نئی ٹیکنالوجیز معیشت کی ترقی، راس الخیمہ کی مسابقتی صلاحیت میں اضافے اور معیار زندگی کو بہتر بنانے میں کردار ادا کریں، تاکہ امارت رہائش، کام، سرمایہ کاری اور سیاحت کے لیے ترجیحی مقام کے طور پر اپنی حیثیت مزید مستحکم کر سکے۔ ملاقات کے دوران شیخ سعود بن صقر القاسمی کو کمپنی کی اہم سرگرمیوں اور اسمارٹ الیکٹرک گاڑیوں، مصنوعی ذہانت سے چلنے والی نقل وحرکت کی ٹیکنالوجیز اور جدید ٹرانسپورٹ حل کے شعبوں میں مہارت کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ اس کے علاوہ باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون اور مشترکہ کام کے امکانات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ معاہدے پر راس الخیمہ ٹرانسپورٹ اتھارٹی اور راس الخیمہ محکمہ شہری ہوابازی کی جانب سے ** اسماعیل حسن البلوشی ** جبکہ آریج کی جانب سے مشرق وسطیٰ کے چیف نمائندے * * ڈاکٹر ہان جوئیشیان ** نے دستخط کیے۔ یہ معاہدہ ایکس پینگ ایروہٹ کے ساتھ سابقہ تعاون کو مزید وسعت دیتا ہے، جس کے تحت 2025 میں راس الخیمہ میں پہلی بار ایک اڑنے والی گاڑی کی آزمائشی پرواز بھی کی گئی تھی۔ نئی شراکت داری کے ذریعے ابتدائی آزمائش سے آگے بڑھتے ہوئے زیادہ جامع ماحولیاتی نظام تشکیل دینے اور جدید فضائی نقل وحرکت کے حل کی مزید جدید جانچ اور عملی آزمائش کی جانب مرحلہ وار پیش رفت کی جائے گی۔

بقیہ نمبر 1 «قوم کی آواز»

تقریب کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا جو محمد یحییٰ قریشی نے کی، جبکہ عبدالوہاب مغل نے نعتِ رسول مقبول ؟ پیش کرنے کا شرف حاصل کیا۔ بعدازاں تمام شرکائے محفل نے باآوازِ بلند قومی ترانہ پڑھا۔ تقریب میں میرپورخاص کابینہ کے ارکان کو بیجز لگائے گئے جن میں صدر ہشام شیخ، وائس پریزیڈنٹ فیمان شیخ، جنرل سیکرٹری وہاب مغل، ووُمن ہیڈ راحمہ شیخ اور میڈیا ہیڈ مزمل خان شامل ہیں۔ تقریب میں روٹری انٹرنیشنل کے ڈسٹرکٹ سیکرٹری فرقان شیخ نے پولیو پن پیش کی، جبکہ دیگر مہمانوں میں شہزادہ ملک، محمد بخش کپری، میڈم رضیہ شیر محمد، مریم، زاہد علی، کنزہ فردوس، انس معین قیصر، مسعود عباسی، ذیشان عثمانی، ایڈووکیٹ مصباح، پیپلز پارٹی کلچرل ونگ کی نائب صدر، سلمان مغل اور انقلاب فاؤنڈیشن کے دیگر اراکین اور معزز مہمانوں نے شرکت کی۔ انقلاب فاؤنڈیشن کے ڈائریکٹر ہارون کھتری نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے فاؤنڈیشن کی سرگرمیوں کو سراہا اور شرکاء ▯ کا شکریہ ادا کیا۔ تقریب میں شریک سماجی شخصیات نے انقلاب فاؤنڈیشن کے وژن اور مشن سے آگاہی کے بعد اپنے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔ تقریب کے اختتام پر مہمانوں کو روایتی اجرک کے تحفے پیش کیے گئے اور پرتکلف عشائیہ دیا گیا۔

بقیہ نمبر 2 «قوم کی آواز»

اشوک شرما، سینئر صحافی حمیدالرحمٰن اور سینئر صحافی اعجاز لغاری، عبدالرسول چانڈیو سے ملاقات کی، اس موقع پر انہوں نے سکھر میں جمعیت علماء اسلام کے زیرِاہتمام منعقد ہونے والی عالمی امن کانفرنس میں شرکت کی دعوت دی، ملاقات کے دوران ملک کی مجموعی صورت حال، خطے میں امن وامان کی ضرورت اور عالمی سطح پر جاری کشیدگی سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، ڈاکٹر اے جی انصاری نے صحافیوں کو عالمی امن کانفرنس کے اغراض و مقاصد سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت علماء اسلام دنیا بھر میں امن، بھائی چارے، رواداری اور انسانی اقدار کے فروغ کے لیے اپنا کردار ادا کرنا چاہتی ہے، اس موقع پر جے یو آئی ضلع حیدرآباد کے جنرل سیکرٹری خالد دھامراہ، جے یو آئی حیدرآباد کے رہنما اعظم جہانگیری، سعداللہ جہانگیری، آصف علی بھٹی، زاہد حسین رند، عبداللہ انصاری اور محمد حسن بھٹی بھی ان کے ہمراہ تھے، اس موقع پر ڈاکٹر اے جی انصاری نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت علماء اسلام کے زیرِاہتمام 19،20 اور 21 مارچ کو سکھر میں عالمی امن کانفرنس منعقد کی جارہی ہے جس میں دنیا بھر سے رہنماؤں کی شرکت متوقع ہے کانفرنس کا مقصد عالمی سطح پر امن کے قیام، جنگوں کے خاتمے، باہمی ہم آہنگی اور انسانیت کو درپیش مسائل کے حل کے لیے مشترکہ کوششوں کو فروغ دینا ہے، انہوں نے کہا کہ آج پوری دنیا کو امن کی اشد ضرورت ہے مختلف خطوں میں جاری جنگوں اور تنازعات کے باعث لاکھوں بے گناہ انسان اپنی جانوں سے ہاتھ دھو رہے ہیں جبکہ بڑی تعداد میں لوگ بے گھر ہو کر بنیادی انسانی ضروریات سے محروم ہو رہے ہیں، جنگوں کے تباہ کن اثرات صرف متاثرہ ممالک تک محدود نہیں رہتے بلکہ ان کے اثرات پوری دنیا پر مرتب ہوتے ہیں، ڈاکٹر اے جی انصاری نے کہا کہ انسانی جانوں کا تحفظ، مظلوم عوام کو انصاف کی فراہمی اور تنازعات کا پرامن حل وقت کی اہم ضرورت ہے، عالمی برادری کو چاہیے کہ وہ جنگوں کے خاتمے اور پائیدار امن کے قیام کے لیے سنجیدہ اقدامات کرے اور طاقت کے استعمال کے بجائے مذاکرات، افہام و تفہیم اور سفارتی ذرائع کو ترجیح دے، انہوں نے مزید کہا کہ جمعیت علماء اسلام امن کے قیام کو اپنی اہم ذمہ داری سمجھتی ہے اور عالمی امن کانفرنس بھی اسی سلسلے کی ایک کوشش ہے کانفرنس میں شریک رہنما عالمی مسائل، جنگوں کے انسانی اثرات اور امن کے فروغ کے لیے مشترکہ لائحہ عمل پر تبادلہ خیال کریں گے۔

بقیہ نمبر 3 «قوم کی آواز»

شروع کردی ہے اور واقعے کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا جارہا ہے۔ دوسری جانب نوجوان کی اچانک موت پر اہلخانہ غم سے نڈھال ہیں۔

بقیہ نمبر 4 «قوم کی آواز»

پولیو ٹیموں کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔ تفصیلات کے مطابق مختیار کار کنری دیدار حسین سمیجو نے اسسٹنٹ کیول کمار، سپروائزنگ تپیدار دولت سنگھ راٹھوڑ اور ریونیو عملے کے ہمراہ مختلف یونین کونسلز بوستان اور ڈورو کے مختلف گوٹھوں لال دین آرائیں، نور محمد بالیپوٹہ، بڈھو کپری، میمن ناکہ اور قصبہ بوستان سمیت دیگر مقامات پر قائم پولیو ٹرانزٹ پوائنٹس کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے پولیو فیلڈ ٹیموں کے ہمراہ گھر گھر جا کر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کے عمل کا جائزہ لیا اور ٹیموں کی کارکردگی، بچوں کی موجودگی اور والدین کے تعاون کا معائنہ کیا۔ دورے کے دوران بعض ایسے بچوں کی بھی نشاندہی ہوئی جن کے والدین انہیں پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے سے انکاری تھے۔ مختیار کار دیدار حسین سمیجو نے والدین سے ملاقات کر کے انہیں پولیو کے مہلک مرض سے بچاؤ کے لیے حفاظتی قطروں کی اہمیت سے آگاہ کیا اور انہیں قائل کیا کہ پولیو سے بچاؤ کے قطرے بچوں کے محفوظ مستقبل کے لیے انتہائی ضروری ہیں۔ مختیار کار کی جانب سے آگاہی اور تفصیلی طور پر سمجھانے کے بعد والدین نے بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے پر رضامندی ظاہر کردی، جس کے بعد فیلڈ ٹیموں نے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے۔ اس موقع پر مختیار کار کنری دیدار حسین سمیجو نے کہا کہ پولیو کا خاتمہ ایک قومی ذمہ داری ہے اور ملک کو پولیو سے پاک کرنے کے لیے سرکاری اداروں، پولیو ٹیموں اور والدین سمیت معاشرے کے ہر فرد کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ والدین اپنے پانچ سال سے کم عمر بچوں کو ہر پولیو مہم کے دوران لازمی طور پر پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلوائیں تاکہ بچوں کو مستقل معذوری سے محفوظ رکھا جاسکے۔ انہوں نے پولیو فیلڈ ٹیموں کو ہدایت کی کہ وہ گھر گھر جاکر پانچ سال کی عمر تک تمام بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے کو یقینی بنائیں اور جہاں والدین کی جانب سے کسی قسم کا انکار یا تحفظات سامنے آئیں، وہاں انہیں مناسب آگاہی فراہم کرکے پولیو ویکسین کی اہمیت سے روشناس کرایا جائے۔ مختیار کار نے اس عزم کا اظہار کیا کہ کنری تعلقہ میں پولیو مہم کو کامیاب بنانے کے لیے ضلعی انتظامیہ اور ریونیو عملہ پولیو ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون جاری رکھے گا۔

بقیہ نمبر 5 «قوم کی آواز»

ایکشن ہوگا!۔"ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سیکنڈری اسماعیل برڑو کا اعلان تفصیلات کے مطابق جیکب آباد کے سرکاری اسکولوں کی حالت زار بدلنے اور تعلیمی نظام میں شفافیت لانے کے لیے اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سیکنڈری اسماعیل برڑو نے واضح کیا ہے کہ علاقے کے عوام، والدین اور سول سوسائٹی اپنے علاقے کے سرکاری اسکولوں کے ہیڈ ماسٹرز اور ہیڈ مسٹریسز سے اسکول سپیسفک بجٹ کے فنڈز اور ان کے استعمال سے متعلق حساب طلب کرنے کا پورا حق رکھتے ہیں۔ ڈی او سیکنڈری اسماعیل برڑو نے صوبائی وزیر تعلیم سید سردار علی شاہ کے احکامات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ وزیر تعلیم کا واضح موقف ہے کہ اسکولوں کو ملنے والے سرکاری فنڈز عوام کا پیسہ ہیں، اور اگر کسی کو بھی فنڈز کے استعمال میں ہیرپھیر یا کرپشن نظر آئے تو وہ فوراً اس کی نشاندہی کریں۔ کرپشن یا فنڈز کی خرد برد میں ملوث پائے جانے والے عناصر کے خلاف بلا امتیاز سخت ترین قانونی اور محکمانہ کارروائی کی جائے گی۔ حکومت سندھ کی جانب سے ہر سال اسکولوں کی بنیادی ضرورتوں، مرمت، اسٹیشنری اور تعلیمی ماحول کی بہتری کے لیے اسکول سپیسفک بجٹ (SSB) جاری کیا جاتا ہے۔ تاہم، عوامی حلقوں کی جانب سے اکثر یہ شکایت کی جاتی رہی ہے کہ یہ فنڈز کاغذی کارروائیوں میں ہضم کر لیے جاتے ہیں۔ ڈی او سیکنڈری اسماعیل برڑو کے اس اعلان کے بعد اب علاقے کے شہریوں کو قانونی اور محکماتی طور پر یہ اختیار حاصل ہوگیا ہے کہ وہ اپنے اسکول کے ہیڈ سے پوچھیں کہ سکول کو کتنا ایس ایس بی (SSB) بجٹ موصول ہوا؟ یہ فنڈز کہاں، کب اور کن اشیاء ▯ پر خرچ کیے گئے؟ کیا سامان کی خرید و فروخت اور مرمتی کام معیار کے مطابق ہوئے ہیں یا نہیں؟ جیکب آباد کے سماجی و تعلیمی حلقوں نے ڈی او سیکنڈری اسماعیل برڑو کے اس بیان اور وزیر تعلیم کے وژن کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر عوام کو اسکولوں کی نگرانی کا واقعی عمل دخل ملا تو اسکولوں کی بندش، جعلی خرچوں اور ہیڈ ماسٹرز کی من مانیوں کا خاتمہ ممکن ہو سکے گا۔

بقیہ نمبر 6 «قوم کی آواز»

ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ کم وولٹیج کے باعث متعدد گھروں میں برقی سامان کو نقصان پہنچنے کی شکایات بھی سامنے آرہی ہیں شہریوں کے مطابق کم وولٹیج کے باعث معمول کی گھریلو ضروریات پوری کرنا بھی دشوار ہو گیا ہے، جبکہ قیمتی برقی آلات کو نقصان پہنچنے سے انہیں مالی نقصان کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے علاقہ مکینوں نے ایکسین میرپورخاص، ایس ڈی او میرپورخاص، اے سی میرپورخاص اور متعلقہ انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ نواز آباد فیڈر سے منسلک علاقوں میں کم وولٹیج کے مسئلے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے موقع کا معائنہ کرایا جائے اور مسئلے کے مستقل حل کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ بجلی کے وولٹیج کو مقررہ سطح پر بحال کیا جائے تا کہ انہیں مزید پریشانی اور قیمتی برقی آلات کے ممکنہ نقصان سے بچایا جاسکے۔

بقیہ نمبر 7 «قوم کی آواز»

زرداری کی سالگرہ کے حوالے سے تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی صدر ڈسٹرکٹ ویسٹ عابد حسین ستی تھے۔ اس موقع پر انفارمیشن سیکرٹری علی اکبر کاچھیلو، پیپلز یوتھ ویسٹ کے صدر اختر علی لنڈ، جنرل سیکرٹری پیپلز یوتھ عفان صغیر صدیقی، انفارمیشن سیکرٹری پیپلز یوتھ وقاص فاروقی، ٹاؤن چیئرمین حاجی نواز بروہی، حمیدہ بانو،

اعظم مینگل، سردار فیصل اکبر چانڈیو اور دیگر موجود تھے۔ تقریب میں چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی سالگرہ کا کیک کاٹا گیا اور ان کی عمر درازیِ صحت و سلامتی اور کامیابی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا گیا

بقیہ نمبر 8 «قوم کی آواز»

بے گناہ شہریوں کے قتل کی وارداتیں جاری ہیں، جبکہ پولیس اور انتظامیہ کی جانب سے مؤثر کارروائی نہ ہونے پر عوام میں شدید غم و غصہ پایا جاتا ہے۔ علاقے میں ایک کے بعد ایک قتل کے واقعات کے باوجود قاتلوں کی گرفتاری نہ ہونے پر شہریوں میں تشویش بڑھتی جا رہی ہے۔ خبر کے مطابق 27 اگست کو قتل ہونے والے نوجوان ظفر بنگوار کے قاتل تاحال آزاد گھوم رہے ہیں۔ اسی طرح نثار مہد اور مرتضیٰ بنگوار کے قتل میں ملوث ملزمان کو بھی پولیس گرفتار نہیں کر سکی شہریوں کا کہنا ہے کہ ملزمان کے خلاف مؤثر کارروائی نہ ہونے کے باعث جرائم پیشہ عناصر کے حوصلے بلند ہو رہے ہیں۔ گزشتہ روز ثناء اللہ سبزوئی کو مبینہ طور پر قتل کیا گیا، جبکہ آج ریٹائرڈ پولیس اہلکار ظفر سنجرانی؟؟ کو بھی فائرنگ کر کے قتل کر دیا گیا، تاہم ان واقعات کے بعد بھی مؤثر کارروائی سامنے نہ آنے پر عوام میں شدید تشویش پائی جاتی ہے۔ عوامی، سیاسی اور سماجی حلقوں نے شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے سوال اٹھایا ہے کہ سندھ حکومت کی ذمہ داری کہاں ہے؟ جب شہریوں کی جان و مال محفوظ نہیں تو پولیس کس کے تحفظ کے لیے موجود ہے؟ شہریوں کا کہنا ہے کہ مسلسل قتل کی وارداتوں اور ملزمان کی عدم گرفتاری سے انتظامیہ کی کارکردگی پر سنجیدہ سوالات اٹھ رہے ہیں۔ عوام نے اعلیٰ حکام اور سندھ حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ غفلت کے مرتکب اہلکاروں کے خلاف کارروائی کی جائے، تمام قتل کے مقدمات میں ملوث ملزمان کو فوری گرفتار کیا جائے اور ٹنگوانی، کندھ کوٹ سمیت پورے علاقے میں قانون کی رٹ بحال کر کے شہریوں کو تحفظ فراہم کیا جائے۔

بقیہ نمبر 9 «قوم کی آواز»

شاہراہوں پر عوامی ریلیف کا سلسلہ شروع۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان تحریک انصاف میرپورخاص کے صدر آفتاب احمد قریشی نے پوسٹ آفس چوک پر طویل عرصے سے کھلے خطرناک مین ہول پر اپنے ذاتی خرچ سے نیا ڈھکن لگوا دیا ہے تاکہ شہریوں کو حادثات سے محفوظ رکھا جا سکے اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف کے پاس حکومتی وسائل تو موجود نہیں ہیں مگر اس کے باوجود ہم اپنے جیب خرچ سے شہر کی مرکزی شاہراہوں پر موجود تمام کھلے مین ہولوں پر ڈھکن لگوائیں گے تاکہ عوام کا قیمتی جانی اور مالی نقصان روکا جا سکے حکمران جماعت پاکستان پیپلز پارٹی کو کڑے ہاتھوں لیتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ آپ گذشتہ سترہ سالوں سے سندھ کے اقتدار اور وسائل پر قابض ہیں لیکن میرپورخاص جیسے اہم شہر میں گٹر کے ڈھکن تک فراہم کرنے میں ناکام رہے ہیں جن وعدوں کے تحت آپ نے سندھ کو پیرس بنانے کا دعویٰ کیا تھا آج اس کی اصل حقیقت عوام کے سامنے عیاں ہو چکی ہے اور سترہ سال کی طویل مدت میں پورے سندھ کو ترقی دینے کے بجائے کچرے کے ڈھیر پر لا کھڑا کیا گیا ہے ہمارے پاس سرکاری فنڈز یا وسائل موجود نہیں ہیں لیکن اس کے باوجود پی ٹی آئی کے پلیٹ فارم سے عوامی خدمت کا یہ فریضہ ہر صورت جاری رکھا جائے گا اور شہر کے ہر کھلے مین ہول کو ڈھکن لگا کر شہریوں کے راستے کے خطرات کو ختم کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 10 «قوم کی آواز»

رکی ہوئی تنخواہوں، پنشن، جی پی فنڈ، مالی معاونت اور دیگر مسائل کے حل کے لیے کھلی کچہری منعقد کی گئی۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر نثار احمد کھوکھر و دیگر موجود تھے۔ اس موقع پر محکمہ تعلیم محکمہ زراعت واٹر مینجمنٹ اور دیگر محکموں کے ملازمین اور پینشنروں نے مختلف شکایات پیش کیں۔ محکمہ تعلیم کی جانب سے بیوہ کو سروس بک جاری نہ کرنے، محکمہ تعلیم کے ملازمین نے بقایا پنشن اور پنشن ریسٹوریشن کی رقم کی عدم ادائیگی، پنشن سے ڈیڈکشن اور ٹائم اسکیل کی روکی گئی رقم کی ادائیگی نا ہونے کے مسائل سے آگاہ کیا۔ محکمہ زراعت، واٹر مینجمنٹ کے ملازم نے تنخواہ کی ادائیگی کی تاخیر سے متعلق شکایت درج کرائی جبکہ دیگر سائلین نے بھی اپنے مسائل پیش کیے۔ ریجنل ڈائریکٹر نے شکایات سنیں اور متعلقہ محکموں سے معاملات کا جائزہ لے کر قانون و ضابطے کے مطابق ضروری اقدامات کرنے کی ہدایات دیں۔ اس موقع پر سرکاری ملازمین اور پینشنروں نے ریجنل ڈائریکٹر محتسب اعلیٰ کی جانب سے کھلی کچہری منعقد کرنے کے اقدام کو سراہا۔

بقیہ نمبر 11 «قوم کی آواز»

الشان مجمع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سید مصطفیٰ کمال نے مزید کہا کہ ایک وقت تھا جب کراچی پورے خطے کا معاشی لیڈر اور ترقی کا استعارہ تھا، جہاں دنیا بھر کی پروازیں اترتی تھیں۔ آج 18 سالوں میں صوبہ سندھ کے ناعاقبت اندیش حکمرانوں کو این ایف سی ایوارڈ کی مد میں 22 ہزار ارب روپے ملنے کے باوجود کراچی کو دنیا کے بدترین شہروں میں تیسرے نمبر پر دھکیل دیا گیا ہے۔ ہمارے ٹیکس، سیلز ٹیکس اور پورٹ کا پیسہ براہ راست شہر کی ترقی پر خرچ ہونے کے بجائے وزیر اعلیٰ ہاؤس میں پارک ہو جاتا ہے۔ وفاق سے ملنے والے اربوں روپے صوبائی حکومت ہڑپ کر رہی ہے اور کراچی کے شہریوں کو پینے کا پانی، سڑکیں اور تعلیم تک میسر نہیں۔ مصطفیٰ کمال نے اپنے دورِ نظامت کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے اپنے ساڑھے چار سالہ دور نظامت میں محض 300 ارب روپے خرچ کرکے کراچی کو دنیا کے 12 تیزی سے ترقی کرنے والے شہروں کی فہرست میں شامل کیا تھا۔ آج ہزاروں ارب روپے ملنے کے باوجود شہری بنیادی سہولیات کو ترس رہے ہیں اور بچے کھلے گٹروں میں گر کر مر رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ 26 ویں اور 27 ویں آئینی ترمیم کے دوران وزیر اعظم اور وفاقی کابینہ سمیت ایوان میں موجود تمام سیاسی جماعتیں بلدیاتی حکومتوں اور میئرز کو بااختیار بنانے پر متفق تھیں، لیکن پیپلز پارٹی نے اپنی طاقت کے گھمنڈ میں اس ترمیم کو صرف اس لیے ویٹو کردیا کہ یہ ترمیم انکے سیاسی حریف ایم کیو ایم پاکستان نے پیش کی تھی۔ یہ ثابت کرتا ہے کہ موجودہ صوبائی حکومت نچلی سطح پر اختیارات منتقل نہیں کرنا چاہتی۔ اس استحصالی نظام کا اب ایک ہی حل بچا ہے اور وہ نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کا قیام ہے۔ جب تک اختیارات اور وسائل نچلی سطح پر منتقل نہیں ہوں گے، شہر ترقی نہیں کرسکتا۔ مصطفیٰ کمال نے مزید کہا کہ ہماری یہ جدوجہد لسانیت کی بنیاد پر نہیں بلکہ انتظامی بنیاد پر ہے۔ آج اندرون سندھ کے حالات مزید ابتر ہیں جہاں مائیں اور بہنیں جوہڑوں سے پانی پینے پر مجبور ہیں۔ ہم شہری سندھ کے ساتھ ساتھ اندرون سندھ کے مظلوم عوام کو بھی اس ظالمانہ نظام سے نجات دلائیں گے۔ نوجوانوں کو پیغام دیتے ہوئے مصطفیٰ کمال نے کہا کہ ظلم پر خاموش رہنے والا سب سے بڑا ظالم ہے۔ نوجوانوں کو اب اپنے حقوق کے لیے بیدار ہونا ہوگا۔ یہ سیاست اور عہدوں کی جنگ نہیں ہے، میں ایسی ہر وفاقی وزارت پر لعنت بھیجتا ہوں جہاں میرے شہر کے بچے گٹروں میں گر کر مر رہے ہوں۔ ہماری یہ جدوجہد آئندہ آنے والی نسلوں کے محفوظ مستقبل کے لیے ہے۔ سید مصطفیٰ کمال نے خطاب کے آخر میں نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ اس شعور کو اپنے گھروں، محلوں، درسگاہوں اور کام کی جگہوں تک پھیلائیں تاکہ ایک منظم اور پرامن جدوجہد کے ذریعے کراچی اور اس صوبے کے باسیوں کو ان کا چھینا ہوا حق واپس دلایا جاسکے۔ اجتماع میں موجود ہزاروں نوجوانوں نے فلک شگاف نعروں کے ساتھ سید مصطفیٰ کمال کی تائید کی اور نئے صوبے کے مطالبے پر بھرپور عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ نمبر 12 «قوم کی آواز»

کے درجات کی بلندی کے ساتھ ساتھ لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔ گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے تعزیت اور دعائے مغفرت پر معزز مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ نمبر 13 «قوم کی آواز»

کی رفتار اور معیار کا جائزہ لیا۔ ڈی جی کے ڈی اے نے صبح 5 بجے کورنگی ٹاؤن شپ میں 480 ملین روپے کی لاگت سے زیر تعمیر اللہ والا ٹاؤن روڈ، 2 ارب 476 ملین روپے کی لاگت سے زیر تعمیر روڈ 10000 اور 2 ارب 95 ملین روپے کی لاگت سے زیر تعمیر روڈ 13000 کے منصوبوں کا معائنہ کیا۔ انہوں نے 216 ملین روپے کی لاگت سے زیر تعمیر کورنگی کاز وے تا بلوچ کالونی ایکسپریس وے سڑک کی توسیع کے منصوبے کا بھی جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈی جی کے ڈی اے نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی کام مقررہ معیار اور رفتار کے مطابق مکمل کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں میں معیار، شفافیت اور بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ نمبر 14 «قوم کی آواز»

بورڈ آف ٹرسٹیز ای او بی آئی ندیم اسلم چوہدری سے ہیڈ آفس کراچی میں ملاقات کی اور ریٹائرڈ ملازمین اور فیملی پنشنرز کو درپیش دیرینہ مسائل پر مشتمل عرضداشت پیش کردی۔ وفاقی سیکرٹری نے شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے مسائل کے فوری حل کی یقین دہانی کرائی اور ریٹائرڈ ملازمین کی رہنمائی و معاونت کیلئے ایک سینئر افسر کو فوکل پرسن برائے ریٹائرڈ ملازمین مقرر کرنے کے احکامات جاری کردیئے۔ ایسوسی ایشن کے وفد نے بعض افسران کی جانب سے ریٹائرڈ ملازمین اور فیملی پنشنرز کی استحقاقی طبی سہولیات میں مبینہ رکاوٹیں، پنشن فنڈ ٹرسٹ میں مناسب نمائندگی نہ ملنے، 72 سال کی عمر کو پہنچنے والے ریٹائرڈ ملازمین کی پنشن ازخود بحال نہ ہونے، 85 سال کی عمر مکمل ہونے پر پنشن میں قانون کے مطابق 25 فیصد اضافہ نہ کیے جانے اور سنگین و دائمی امراض میں مبتلا ریٹائرڈ ملازمین کے میڈیکل ری امبرسمنٹ بلوں کی ادائیگی میں مبینہ تاخیر سمیت دیگر مسائل سے آگاہ کیا۔ وفاقی سیکرٹری ندیم اسلم چوہدری نے وفد کی گزارشات تحمل سے سنیں اور موقع پر موجود انتظامی افسران سے مسائل کے حوالے سے بازپرس بھی کی۔ انہوں

نے افسران کو ہدایت کی کہ ریٹائرڈ ملازمین اور فیملی پنشنرز کے ساتھ حق تلفی سے گریز کیا جائے اور ان کے مسائل ہمدردی و ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک دن ہر ملازم کو ریٹائر ہونا ہے، اس لیے ریٹائرڈ ملازمین کی خدمت اور ان کے حقوق کا خیال رکھنا سب کی ذمہ داری ہے۔ وفاقی سیکرٹری نے ادارے کے بنیادی مقاصد کے فروغ اور ترقی میں ریٹائرڈ ملازمین کی خدمات کو سراہتے ہوئے انہیں ای او بی آئی کا قیمتی اثاثہ قرار دیا۔ ندیم اسلم چوہدری نے انتظامیہ کو ریٹائرڈ ملازمین اور بزرگ شہریوں کے ساتھ عزت و وقار سے پیش آنے اور ہیڈ آفس میں ان کے لیے باسہولت اور آرام دہ جگہ مختص کرنے کی بھی ہدایت کی۔ ایسوسی ایشن کے انفارمیشن سیکرٹری اسرار ایوبی کی تجویز پر وفاقی سیکرٹری نے ریٹائرڈ ملازمین کو بروقت ماہانہ پنشن کی ادائیگی، ہر 6 ماہ بعد ثبوت بقید حیات سرٹیفکیٹ جمع کرانے، استحقاقی طبی سہولیات کے حصول میں رہنمائی و معاونت اور میڈیکل ری امبرسمنٹ بلوں کی جلد ادائیگی کیلئے ایک سینئر افسر کو فوکل پرسن مقرر کرنے کے احکامات جاری کیے۔ وفاقی سیکرٹری نے وفد کو یقین دلایا کہ ریٹائرڈ ملازمین کے مسائل کے پائیدار حل کیلئے اقدامات جاری رکھے جائیں گے اور پیش رفت کا جائزہ لینے کیلئے کراچی اور اسلام آباد میں ریٹائرڈ ملازمین کے نمائندوں سے ملاقاتوں کا سلسلہ بھی جاری رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ریٹائرڈ ملازمین کیلئے ان کے دفتر کے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں۔ ایسوسی ایشن کے وفد میں سابق ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل فنانس اینڈ اکاؤنٹس شیر محمد، جنرل سیکرٹری محمد جمیل، انفارمیشن سیکرٹری اسرار ایوبی، سید محمد حیدر کاظمی اور محمد ابراہیم فاروقی شامل تھے۔ ملاقات میں ای او بی آئی کے چیئرمین ڈاکٹر جاوید احمد شیخ، ڈائریکٹر کوآرڈینیشن ابریز مظفر شیخ اور ایچ آر اینڈ جی اے، فنانس اینڈ اکاؤنٹس اور انٹرنل آڈٹ شعبوں کے سربراہان بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر 15 «قوم کی آواز»

گزشتہ روز شہر کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 39.1 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا جبکہ 21 ستمبر کو پارہ 40.7 ڈگری تک پہنچ گیا تھا جو ستمبر 2017 کے بعد کراچی کا گرم ترین دن قرار دیا گیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران بھی کراچی میں موسم گرم اور مرطوب جبکہ مطلع صاف رہنے کا امکان ہے اور زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 38 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچ سکتا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق شہر میں 15 سے 35 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے سمندری ہوائیں چلنے جبکہ آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران ہوا میں نمی کا تناسب 55 سے 85 فیصد رہنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے کہا کہ ملک میں مون سون کا اختتام معمول سے پہلے ہونے کے باعث کراچی میں اکتوبر جیسی گرمی محسوس کی جارہی ہے، جبکہ ایل نینو کے اثرات کے باعث اکتوبر میں بھی درجہ حرارت معمول سے زیادہ رہنے کا امکان ہے۔ واضح رہے کہ پاکستان میں عموماً مون سون کا سلسلہ 30 ستمبر تک جاری رہتا ہے۔

بقیہ نمبر 16 «قوم کی آواز»

اور اس کی ترجیح ہے کہ جدید سفری سہولت صرف کراچی تک محدود نہ رہے۔ پیپلز بس سروس کے دائرہ کار میں مسلسل اضافہ کیا جارہا ہے جبکہ نئے روٹس کا مقصد شہریوں کو سستی اور بہتر سفری سہولت فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 50 ڈبل ڈیکر بسیں 30 نومبر تک سندھ پہنچ جائیں گی، جنہیں مختلف روٹس پر چلایا جائے گا۔ ڈبل ڈیکر بسوں کی آمد سے مسافروں کو اضافی سفری گنجائش میسر آئے گی اور پبلک ٹرانسپورٹ کے نظام میں مزید بہتری آئے گی۔ شرجیل انعام میمن نے کہا کہ قمبر شہدادکوٹ میں پیپلز بس سروس کے آغاز کو عوام کی جانب سے بھرپور پذیرائی مل رہی ہے، قمبر، شہدادکوٹ اور دیگر علاقوں کے شہری جدید بس سروس کو سراہ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ الیکٹرک بسوں کا منصوبہ سندھ کے پبلک ٹرانسپورٹ نظام میں اہم اضافہ ہوگا، نئی بسیں شہری علاقوں میں ٹرانسپورٹ کے بڑھتے ہوئے مسائل کے حل میں بھی معاون ثابت ہوں گی۔

بقیہ نمبر 17 «قوم کی آواز»

انصاف کی تاریخ 26 نومبر اور 9 مئی ہے، اب چڑھائی ہوئی تو ایسے روکیں گے کہ آئندہ کوئی سوچے گا بھی نہیں۔ انہوں نے کہا کہ آئین میں گورنر راج کا آپشن موجود ہے، وفاقی حکومت سیاسی حکومت ہے، کوئی کام جلدبازی میں نہیں کرنا چاہتے، سیاسی لوگوں کو موقع دینا چاہتے ہیں۔ وزیرمملکت برائے داخلہ نے کہا کہ اسلام آباد ہائیکورٹ کے حکم کے بعد احتجاج اور چڑھائی نہ کرنا لازم ہے، اسلام آباد پر حملہ کیا گیا تو حلف کی خلاف ورزی اور توہین عدالت ہوگی۔ آپ اپنے صوبے کے وسائل کو وفاق کے خلاف استعمال نہیں کرسکتے۔ سٹریٹ پاور کا اندازہ لاہور اور وزیرآباد کی گلیوں سے لگا چکے ہیں۔ جب بھی حالات سنبھلنے لگتے ہیں تو اس طرح کا کھیل شروع ہوجاتا ہے، جیل میں قیدی سے ملاقات جیل رولز کے تحت ہی ہوسکتی ہیں۔ وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا تارڑ نے ایک ٹی وی چینل کو انٹرویو میں کہا ہے کہ کچھ بھی ہوجائے پی ٹی آئی کو اسلام آباد کا امن خراب کرنے کی اجازت نہیں دیں گے، عدالت کا حکم ہے کہ سڑکوں کو بند نہیں کیا جائے گا، یہ ہوش کے ناخن لیں ورنہ ان کے ساتھ وہ ہوگا جو یہ ہمیشہ یاد رکھیں گے۔ یہ پلاننگ سہیل آفریدی اور آئی ایس ایف کر رہی ہے، پی ٹی آئی میں جو دو تین بندے کہتے ہیں بات کر لیں، بتایا جائے کہ ان کے پلے کیا ہے؟ پی ٹی آئی میں فیصلہ ساز کون ہے، کون انچارج ہے؟ بیرسٹر گوہر فارغ ہیں، پارٹی میں ان کی کوئی نہیں سنتا، ان سے مذاکرات کا کوئی جواز اور فائدہ نہیں، وزیر اطلاعات عطااللہ تارڑ نے وزیراعظم کی ہدایت پر دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک کا دورہ کیا۔

بقیہ نمبر 18 «قوم کی آواز»

جہاں کرنٹ لگنے سے خاتون کی حالت تشویشناک ہوگئی۔ بعدازاں وہ جانبر نہ ہوسکیں۔ جاں بحق خاتون کی شناخت 50 سالہ عالیہ کے نام سے ہوئی ہے۔ لاش ضابطے کی کارروائی کیلئے عباسی شہید اسپتال منتقل کردی گئی۔

بقیہ نمبر 19 «قوم کی آواز»

ارمغان کی جانب سے عدالتی نوٹس وصول نہ کرنے کا انکشاف ہوا ہے۔ جسٹس اقبال کلہوڑو نے مقتول کی والدہ کی جانب سے دائر درخواست پر سماعت کی۔ عدالت نے ریمارکس دیئے کہ پہلے بھی کیس جلد نمٹانے کی ہدایت دی گئی تھی اگر متعلقہ عدالت فعال ہی نہیں تو ہدایت کس کو دی جائے؟ معمول میں تو ملزمان کی درخواستیں آتی ہیں کہ ان کے کیسز جلد مکمل کیے جائیں، سمجھ نہیں آرہا کہ یہ کیس کیوں نہیں چلانا چاہتے۔ تفتیشی افسر محمد علی نے عدالت کو بتایا کہ متعلقہ انسداد دہشتگردی عدالت خالی ہے کیونکہ فاضل جج کی تعیناتی کی مدت مکمل ہوچکی ہے۔ عدالت کو جیل سپرنٹنڈنٹ کی رپورٹ سے آگاہ کیا گیا کہ ملزم ارمغان نے جیل میں عدالتی نوٹس وصول کرنے سے انکار کردیا۔ مقتول مصطفیٰ عامر کی والدہ کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ گزشتہ سماعت پر عدالت نے ملزم کے وکیل کو پیش ہونے کی ہدایت کی تھی۔ عدالت نے ریمارکس دیئے کہ جب ملزم خود نوٹس وصول نہیں کررہا تو وکیل اپنے موکل کی ہدایت کے بغیر کیسے پیش ہوسکتا ہے۔ سندھ ہائیکورٹ نے تمام صورتحال کے پیش نظر ملزم کو دوبارہ نوٹس جاری کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے درخواست کی سماعت 13 اکتوبر تک ملتوی کردی۔ واضح رہے کہ مصطفیٰ عامر کی والدہ نے کیس میں غیر ضروری تاخیر کے خلاف سندھ ہائیکورٹ سے رجوع کیا تھا، جبکہ انسداد دہشتگردی کی سابقہ رپورٹ میں ٹرائل میں تاخیر کا ذمہ دار ملزم ارمغان اور اس کے وکیل کو قرار دیا گیا تھا۔

بقیہ نمبر 20 «قوم کی آواز»

گرفتار کرلیا، جس کے قبضے سے 12 لاکھ 50 ہزار روپے نقد اور 2 موبائل فونز برآمد ہوئے ہیں۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق ڈائریکٹر ایف آئی اے کراچی زون کی ہدایت اور ڈپٹی ڈائریکٹر کارپوریٹ کرائم سرکل کراچی کی نگرانی میں ایف آئی اے ٹیم نے 22 ستمبر کو گارڈن میں پاکولا مسجد کے قریب نادیہ کارنر کی کار پارکنگ میں کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران آصف نور محمد ولد نور محمد کو گرفتار کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق ملزم کے قبضے سے برآمد ہونے والے موبائل فونز کی ابتدائی جانچ میں امریکی ڈالرز اور دیگر غیر ملکی کرنسیوں کی خرید و فروخت سے متعلق واٹس ایپ پیغامات اور دیگر ڈیجیٹل شواہد سامنے آئے۔ ابتدائی تفتیش کے مطابق ملزم مبینہ طور پر بلیک مارکیٹ نرخوں پر مختلف افراد کو امریکی ڈالرز اور دیگر غیر ملکی کرنسی فروخت اور خرید کرنے میں ملوث تھا۔ ترجمان کے مطابق موبائل فونز میں موجود پیغامات اور برآمد ہونے والی رقم کے درمیان بھی مطابقت پائی گئی ہے۔ ملزم کو برآمد شدہ رقم اور موبائل فونز سمیت ایف آئی اے کارپوریٹ کرائم سرکل کراچی منتقل کردیا گیا، جبکہ اس کے خلاف قانون کے مطابق مقدمہ درج کیا جارہا ہے۔ ترجمان کے مطابق برآمد شدہ ڈیجیٹل شواہد کی مزید جانچ کے ذریعے غیر قانونی کرنسی کے نیٹ ورک سے وابستہ دیگر عناصر کا سراغ لگایا جائے گا۔ ایف آئی اے کراچی نے غیر قانونی کرنسی کی خرید و فروخت، ہنڈی حوالہ اور دیگر مالی جرائم میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھنے کا عزم ظاہر کیا ہے۔

بقیہ نمبر 21 «قوم کی آواز»

نمائندوں کو نشانہ بنا رہے ہیں، مواصلات و تعمیرات کے وزیر شکیل خان پر قاتلانہ حملہ اور انہیں اغوا کرنے کی کوشش کی گئی مگر ناکام رہے، کل

ہمارے وزیر آبپاشی ریاض خان کے گھر پر بھی سادہ کپڑوں میں ملبوس غنڈا گرد پہنچے، ڈی آئی خان اور دیگر اضلاع میں بھی ہمارے کارکنوں اور منتخب نمائندوں کے ساتھ یہی سلوک کیا جارہا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ مردان میں ایم این اے فضل خان کو اغوا کیا گیا، فخر جہان کے گھر پر بھی نامعلوم افراد نے دھاوا بولا، ہمارے منتخب نمائندے اور وزراء نشانے پر ہیں، اگر صوبائی کابینہ کے وزراء بھی ان غنڈا گردوں سے محفوظ نہیں تو باقی پاکستان کا کیا حال ہوگا؟ وزیراعلیٰ سہیل آفریدی نے کہا کہ یہ لوگ عوامی طاقت سے ڈرے ہوئے ہیں، کوئی عقل رکھنے والا شخص اس طرح کے اقدامات نہیں کرتا، خیبر پختونخوا کے صوبائی کابینہ ارکان کے ساتھ ایسا سلوک ناقابل قبول ہے، کچھ دن پہلے رانا ثناءاللہ کی طرف سے خیبر پختونخوا والوں کو دہشت گرد قرار دینے کے بیانات سامنے آئے، مریم صفدر کا یہ کہنا کہ انہیں بھارت سے خطرہ نہیں بلکہ پاکستان کے باقی تین صوبوں سے خطرہ ہے، انتہائی تشویشناک بیان ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ آج خیبر پختونخوا کو باقی پاکستان سے کاٹ دیا جائے گا، تمام راستے خیبر پختونخوا کے لیے بند کردیے جائیں گے، باقی پاکستان کھلا ہوگا لیکن صرف خیبر پختونخوا سے نہ کوئی جاپائے گا نہ آپائے گا، خیبر پختونخوا کو باقی پاکستان سے کاٹنے اور تمام راستے بند کرنے کا کیا مطلب لیا جائے؟ انہوں نے کہا کہ کیا کوئی سازش ہورہی ہے؟ کیا مشرقی پاکستان جیسا سانحہ ریپیٹ کرنے کی کوشش کی جارہی ہے؟ جو بھی سازش ہورہی ہے اور اس کے پیچھے جو بھی لوگ ہیں انہیں واضح پیغام ہے، پاکستان ہمارا ہے، جو بھی پاکستان کو تقسیم کرنے یا خیبر پختونخوا کو پاکستان سے جدا کرنے کی سازش کرے گا اسے ہمارا واضح پیغام ہے، ہم پاکستانی تھے، ہم پاکستانی ہیں اور ان شاءاللہ پاکستانی رہیں گے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ سادہ کپڑوں میں ملبوس غنڈا گرد ہمارے بیوروکریسی، پولیس، ڈی سیز اور ڈی پی اوز کو ڈرا اور دھمکا رہے ہیں، بیوروکریسی، پولیس، ڈی سیز اور ڈی پی اوز کو میرا پیغام ہے، آپ نے ڈرنا نہیں ہے، اگر صوبائی حکومت آپ سے کوئی غلط کام نہیں کروا رہی تو کسی ادارے یا محکمے کے غلط احکامات نہ مانیں، یہ کسی کے باپ کا پاکستان نہیں، یہ ہم سب کا پاکستان ہے، احتجاج کرنا ہر بندے کا آئینی اور قانونی حق ہے، کہیں بھی ہماری شنوائی نہیں ہورہی، ہمیں نہیں سنا جارہا، ایسی صورت میں آئین ہمیں پرامن احتجاج کی اجازت دیتا ہے اور ہم یہ احتجاج ہر صورت کریں گے۔ وزیراعلیٰ سہیل آفریدی نے کہا کہ جب تک آئین میں پرامن احتجاج کا حق موجود ہے ہم پرامن احتجاج کرتے رہیں گے، خیبر پختونخوا اور پورے پاکستان کے عوام کو پیغام ہے، گھبرانا نہیں، ڈرنا نہیں، جو جتنا بڑا ظالم ہوتا ہے وہ اتنا ہی بڑا ڈرپوک ہوتا ہے، اپنے حق اور حقیقی آزادی کے لیے کھڑا ہونا ہے، پرامن جدوجہد جاری رکھنی ہے، ان شاءاللہ بہت جلد ظلم کا دور ختم ہوگا

بقیہ نمبر 22 «قوم کی آواز»

مطابق سپر ہائی وے پر غازی گوٹھ، مخدوم بلاول سوسائٹی کے قریب ڈاکوؤں کی فائرنگ سے 23 سالہ محمد عثمان زخمی ہوگیا، جسے طبی امداد کیلئے عباسی شہید اسپتال منتقل کردیا گیا۔ دوسرا واقعہ محمودآباد کی اعظم بستی گلی نمبر 29 میں پیش آیا، جہاں گھر کی چھت پر پراسرار فائرنگ سے 24 سالہ ثناء زخمی ہوگئی۔ چھیپا حکام کے مطابق زخمی خاتون کو طبی امداد کیلئے جناح اسپتال منتقل کردیا گیا۔

بقیہ نمبر 23 «قوم کی آواز»

885 پڑیاں گٹکا ماوا، 125 بیگز دیسی شراب، 503 گرام چرس اور ایک شہزور پک اپ برآمد کرلی ہے۔ پولیس کے مطابق ایس ایچ او تھانہ ٹھٹھہ انسپکٹر ریاض حسین سومرو، انچارج پولیس پوسٹ ٹھٹھہ سب انسپکٹر راجا ظفر راجپوت اور انچارج پولیس پوسٹ گھاڑ موری سب انسپکٹر محمد حسن پتافی نے عملے کے ہمراہ ٹھٹھہ شہر میں کارروائیاں کیں۔ کارروائی کے دوران علی اکبر عرف کالی ولد دھجال خاصخیلی کو 503 گرام چرس، وقار محمد ہاشم گھرانو، عارف ولد خدا بخش کھاوڑ، لالا عرف عرس ملاح اور ریاض ولد صوفن ملاح کو 70 بیگز دیسی شراب سمیت گرفتار کرلیا گیا، جبکہ گٹکا فروش سجاد عرف سجو ولد گل حسن داپو اور خدا بخش ولد ابراہیم ملاح کے قبضے سے 205 پڑیاں گٹکا ماوا برآمد ہوئیں۔ مکلی میں ایس ایچ او تھانہ مکلی انسپکٹر محمد جمن کھوسو اور پولیس پوسٹ جنگشاہی وترش کالونی کے عملے نے کارروائی کرتے ہوئے عالم ولد شفیع محمد جوکھیو اور نواب ولد علی محمد ہالو کو 55 بیگز دیسی شراب سمیت گرفتار کیا، جبکہ مشتاق علی ولد غلام قادر خاصخیلی اور عبدالشکور ولد شیر محمد ہنگورو کے قبضے سے 120 پڑیاں گٹکا ماوا برآمد ہوئیں۔ دھابیجی اور جھرک پولیس نے بھی کارروائیاں کرتے ہوئے گٹکا فروش اقبال ولد محمد حسن کلمتی کو 360 پڑیاں گٹکا ماوا جبکہ یوسف ولد رمضان ٹوپو کو 200 پڑیاں گٹکا ماوا اور ایک شہزور پک اپ سمیت گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کے خلاف متعلقہ تھانوں میں گٹکا ایکٹ، انسداد منشیات ایکٹ اور منشیات آرڈیننس کے تحت الگ الگ مقدمات درج کرکے مزید تفتیش شروع کردی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 24 «قوم کی آواز»

سمیت پوری پاکستانی قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ پشتون ثقافت اپنی شاندار روایات، مہمان نوازی، بہادری، وفاداری اور بھائی چارے کی خوبصورت پہچان ہے۔ اپنے پیغام میں بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پشتون ثقافت صدیوں پر محیط ایسی تہذیبی میراث ہے جس نے امن، محبت اور انسان دوستی کے رنگوں سے پاکستان کی قومی شناخت کو مالا مال کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشتون عوام نے پاکستان کی تعمیر، جمہوریت اور ملکی سلامتی کیلئے ہمیشہ بے مثال قربانیاں دی ہیں، جبکہ پشتون ماؤں، بزرگوں اور نوجوانوں کی استقامت اور قربانیاں ہماری قومی تاریخ کا قابل فخر باب ہیں۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پاکستان کی خوبصورتی اس کے تمام ثقافتی رنگوں کے باہمی احترام اور یکجہتی میں ہے۔ پیپلز پارٹی ایسے پاکستان پر یقین رکھتی ہے جہاں ہر قوم، زبان اور ثقافت کو مساوی احترام اور اپنی شناخت کے اظہار کا حق حاصل ہو۔ انہوں نے کہا کہ کلچر ڈے ہمیں اپنی ثقافتی جڑوں سے جڑنے، ایک دوسرے کا احترام کرنے اور قومی یکجہتی کو مزید مضبوط بنانے کا پیغام دیتے ہیں۔

بقیہ نمبر 25 «قوم کی آواز»

ایک فرد کی نہیں بلکہ ایگزیکٹو کمیٹی، اسٹینڈنگ کمیٹی کنوینرز، ممبران اور عملے کی اجتماعی محنت، باہمی تعاون اور ٹیم ورک کا نتیجہ ہیں۔ وہ چیمبر ہاؤس میں منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کررہے تھے، جس میں سردار طاہر محمود نے آئی سی سی آئی ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین، اسٹینڈنگ کمیٹیوں کے نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے کنوینرز، سیکرٹری جنرل اور عملے کے ارکان میں ان کی گراں قدر خدمات کے اعتراف میں شیلڈز تقسیم کیں۔ تقریب میں صدر سردار طاہر محمود، سینئر نائب صدر طاہر ایوب اور نائب صدر محمد عرفان چوہدری کو بھی ان کی قیادت اور چیمبر کے لیے خدمات کے اعتراف میں شیلڈز پیش کی گئیں۔ آئی سی سی آئی کے صدر نے فاؤنڈر گروپ کے چیئرمین شیخ طارق صادق کی خصوصی طور پر تعریف کرتے ہوئے کہا کہ ان کی رہنمائی، اعتماد اور حوصلہ افزائی نے قیادت کو اہم اقدامات اٹھانے میں مدد فراہم کی۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی اقدام سے قبل اس کے میرٹ، ممکنہ مشکلات اور نتائج کا جائزہ لیا گیا، جبکہ شیخ طارق صادق نے ہمیشہ آئی سی سی آئی اور کاروباری برادری کے وسیع تر مفاد میں مثبت اور تعمیری اقدامات کے لیے ضروری تعاون اور اعتماد فراہم کیا۔

بقیہ نمبر 26 «قوم کی آواز»

777 طیارے 6 ماہ کے لیے ویٹ لیز پر حاصل کرنے کی منظوری دی گئی ہے۔ دونوں طیارے یورپی ایئرلائن نارس اٹلانٹک سے حاصل کیے جائیں گے۔ ذرائع نے کہا کہ بورڈ نے مزید 3 طیارے ڈرائی لیز پر حاصل کرنے کی بھی منظوری دی ہے، جس کے بعد قومی ایئرلائن کے فضائی بیڑے میں مزید اضافہ ہوگا۔ ذرائع کے مطابق نئے بوئنگ طیاروں کو بالخصوص یورپ اور برطانیہ کے فضائی آپریشنز کے لیے استعمال کیا جائے گا، جس سے ان روٹس پر پروازوں کی تعداد اور آپریشنل صلاحیت میں اضافے کی توقع ہے۔ اجلاس میں پی آئی اے کے موجودہ طیاروں کی آپریشنل ضروریات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ بورڈ نے طیاروں کے لیے ضروری پرزہ جات کی خریداری کا عمل مزید تیز کرنے کی ہدایت کی تاکہ زیادہ سے زیادہ طیاروں کو آپریشنل رکھا جاسکے۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں پی آئی اے کے مالیاتی اور آپریشنل معاملات سمیت ایئرلائن کی کارکردگی بہتر بنانے اور فضائی آپریشنز کو مزید مستحکم کرنے سے متعلق مختلف امور پر بھی غور کیا گیا۔

بقیہ نمبر 27 «قوم کی آواز»

دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق 7 اور 8 ستمبر کی درمیانی شب گھر میں ڈکیتی کے دوران مزاحمت پر ڈاکوؤں کی فائرنگ سے نوجوان روشم خان جاں بحق ہوگیا تھا۔ واقعے کے خلاف ورثا اور علاقہ مکین 8 ستمبر سے منگھوپیر تھانے کے سامنے احتجاج کررہے ہیں، تاہم 15 روز گزرنے کے باوجود پولیس ملزمان کا سراغ نہیں لگا سکی۔ مقتول کے والد روئیداد خان نے کہا کہ وہ 15 دن سے صبر کیے بیٹھے ہیں اور امید ہے کہ معاملہ جلد حل ہوجائے گا، میرا کام یہاں دھرنے میں بیٹھنا ہے، فیصلے کا اختیار بڑوں کو دے دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کی جدوجہد صرف اپنے بیٹے کے لیے نہیں بلکہ تمام والدین کے لیے ہے، نوجوان بیٹے کی موت کا لمحہ قیامت سے کم نہیں تھا، وہ چاہتے ہیں کہ کوئی دوسرا باپ اس اذیت سے نہ گزرے۔ روئیداد خان نے کہا کہ وہ چاہتے ہیں جو اذیت ناک لمحہ روشم کی والدہ نے دیکھا، کوئی اور ماں نہ دیکھے۔ دھرنے میں لوگ مقتول کی خاطر اور ظلم کے خلاف شریک ہورہے ہیں، ان کے لختِ جگر کے ساتھ بہت بڑا ظلم ہوا ہے۔ انہوں نے کہا

کہ روشم کی ماں، بہنوں اور ان کے ساتھ ظلم ہوا، بیٹے کی تدفین کے بعد بطور باپ ان کا اصل امتحان شروع ہوگا۔ آئی جی سندھ سے ان کا ایک ہی مطالبہ ہے کہ روشم کے قاتلوں کو گرفتار کرکے سامنے لایا جائے۔ دوسری جانب منگھوپیر تھانے کے باہر جاری دھرنے میں شرکا کی آمد کا سلسلہ بدستور جاری ہے۔ شرکا نے روشم خان کے قتل کی مذمت کرتے ہوئے ملزمان کی فوری گرفتاری کا مطالبہ کیا۔

بقیہ نمبر 28 «قوم کی آواز»

فراہمی ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ 23 ستمبر کو دنیا بھر میں عالمی یوم اشاراتی زبان منایا جاتا ہے، اس سال دن کی تھیم "بہرے افراد کے انسانی حقوق کا اعلان" ہے۔ اشارتی زبان بہرے افراد کیلئے رابطے کے ساتھ ساتھ شناخت، تعلیم، ثقافت اور انسانی حقوق کا بنیادی ذریعہ ہے۔ وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ سندھ حکومت خصوصی افراد کو تعلیم، ہنرمندی، روزگار اور معاشرے میں بااختیار بنانے کیلئے مختلف اقدامات کررہی ہے۔ سندھ کے خصوصی تعلیم کے مراکز میں 49 ڈیجیٹل کلاس رومز قائم کیے گئے ہیں جبکہ خصوصی تعلیم کیلئے 20 سیٹلائٹ اسکولز کا منصوبہ بھی شروع کیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ بہرے طلبہ کی بہتر تعلیم کیلئے اشارتی زبان کے اساتذہ کی تربیت کا پروگرام شروع کیا گیا ہے، جبکہ خصوصی افراد کیلئے ہنرمندی اور فنی تربیت کے مواقع بڑھانے کے ساتھ سندھ کے مختلف ڈویژنز میں سینٹرز آف ایکسیلینس قائم کیے جارہے ہیں۔ مراد علی شاہ نے کہا کہ بہرے افراد کو ڈرائیونگ لائسنس کے حصول اور محفوظ سفری سہولتوں میں بھی سندھ حکومت معاونت فراہم کررہی ہے۔ پاکستان میں 948 پاکستان سائن لینگویج علامات پر قومی اتفاق رائے قائم کیا گیا ہے جبکہ بہرے افراد کی میڈیا تک رسائی کیلئے ایکٹ 2022 بھی اہم قانونی قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ کے معذور افراد کے حقوق سے متعلق کنونشن میں اشارتی زبان کے حقوق کو تسلیم کیا گیا ہے۔ 2026ء ▯ ورلڈ فیڈریشن آف دی ڈیف کے قیام کی 75 ویں سالگرہ کا سال بھی ہے۔ وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ بہرے افراد کے حقوق کے مکمل نفاذ کیلئے عملی اقدامات تیز کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ "کچھ بھی ہمارے بارے میں، ہمارے بغیر نہیں" کے اصول کے تحت بہرے افراد کی بامعنی شرکت یقینی بنائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت بہرے افراد سمیت تمام خصوصی افراد کو مساوی حقوق اور مواقع فراہم کرنے کے عزم پر قائم ہے، اشارتی زبان کے فروغ کے تعلیم، روزگار، صحت اور عوامی خدمات تک بہرے افراد کی رسائی بہتر بنائی جاسکتی ہے۔

بقیہ نمبر 29 «قوم کی آواز»

ولیم اینڈ میری کالج سے تعلیم حاصل کی۔ ان کی تعلیمی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے باعث وہ نوجوان قیادت کے حوالے سے نمایاں مقام رکھتے ہیں۔ انہیں فوربز کی معروف "30 انڈر 30" فہرست میں بھی شامل کیا جا چکا ہے، جو مختلف شعبوں میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے باصلاحیت نوجوانوں کو اجاگر کرتی ہے۔ پاکستان کو موسمیاتی تبدیلی کے باعث متعدد چیلنجز کا سامنا ہے، جن میں بڑھتا ہوا درجہ حرارت، شدید گرمی کی لہریں، غیر معمولی بارشیں، سیلاب، خشک سالی، پانی کے وسائل پر دباؤ اور دیگر ماحولیاتی مسائل شامل ہیں۔ ایسے حالات میں موسمیاتی تبدیلی سے متعلق پالیسیوں، ادارہ جاتی رابطہ کاری اور ماحولیاتی اقدامات کو مؤثر بنانے کے لیے مربوط حکمت عملی کی ضرورت مسلسل بڑھ رہی ہے۔ پاکستان کلائمیٹ چینج اتھارٹی کے پہلے چیئرمین کی حیثیت سے حمزہ فرخ کی ذمہ داریوں میں موسمیاتی تبدیلی سے متعلق اقدامات کو مربوط کرنے، متعلقہ اداروں کے درمیان تعاون کو بہتر بنانے اور ماحولیاتی پالیسیوں کے نفاذ میں معاونت جیسے اہم امور شامل ہوں گے۔ اتھارٹی کے قیام کا مقصد موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے اور ملک کو ماحولیاتی چیلنجز کے مقابلے میں زیادہ مؤثر انداز میں تیار کرنے کے لیے ادارہ جاتی سطح پر اقدامات کو آگے بڑھانا ہے۔ حمزہ فرخ کی کم عمری اور معروف عالمی تعلیمی اداروں سے حاصل کردہ تعلیم کے باعث ان کی تقرری خصوصی توجہ کا مرکز بنی ہے۔ ان کی قیادت میں اتھارٹی سے توقع کی جارہی ہے کہ موسمیاتی تبدیلی کے حوالے سے جدید علم، تحقیق، ٹیکنالوجی اور عالمی تجربات سے استفادہ کرتے ہوئے پاکستان میں ماحولیاتی حکمت عملی کو مزید مؤثر بنانے میں کردار ادا کیا جائے گا۔ دو سالہ مدت کے دوران پاکستان کلائمیٹ چینج اتھارٹی کو ملک کو درپیش موسمیاتی خطرات، ماحولیاتی تحفظ اور پائیدار ترقی سے متعلق مختلف امور پر کام کرنا ہوگا۔ ماہرین کے مطابق موسمیاتی تبدیلی کے بڑھتے ہوئے اثرات کے پیش نظر قومی سطح پر اداروں کے درمیان مؤثر تعاون اور طویل مدتی منصوبہ بندی انتہائی اہمیت رکھتی ہے۔ حمزہ فرخ کی بطور پہلے چیئرمین تقرری سے پاکستان کلائمیٹ چینج اتھارٹی نے باضابطہ طور پر اپنی قیادت کا آغاز کردیا ہے، جبکہ آنے والے عرصے میں اتھارٹی کی ترجیحات اور اقدامات ملک کی موسمیاتی پالیسی اور ماحولیاتی حکمت عملی میں اہم کردار ادا کرسکتے ہیں۔

بقیہ نمبر 30 «قوم کی آواز»

پاکستان پیپلز پارٹی لاڑکانہ کے سرکردہ کارکن حاکم علی سولنگی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں بلاول بھٹو زرداری نے مرحوم کے سوگوار خاندان سے تعزیت اور دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حاکم علی سولنگی پارٹی کا اثاثہ تھے، پارٹی کیلئے ان کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ بلاول بھٹو زرداری نے مرحوم کے درجات کی بلندی اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام کیلئے دعا کی، جبکہ لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔

بقیہ نمبر 31 «قوم کی آواز»

سے دوچار ہے۔ اسکول میں بجلی، پانی، صفائی، فرنیچر، کلاس رومز اور سیکیورٹی سمیت متعدد بنیادی سہولیات دستیاب نہیں، جبکہ شدید گرمی میں طلبہ کے بے ہوش ہونے کے واقعات بھی معمول بننے کی اطلاعات ہیں۔ تحقیقاتی رپورٹنگ کے دوران سامنے آنے والی صورتحال کے مطابق اسکول کی عمارت کی حالت بھی تشویشناک ہے۔ اسکول میں موجود تقریباً 8 کلاس رومز کی کھڑکیاں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں، جبکہ متعدد کمروں کی چھتیں خستہ ہوچکی ہیں اور ان سے پلستر کے ٹکڑے بار بار گرنے کی اطلاعات سامنے آئی ہیں۔ تاحال کسی طالب علم کے زخمی ہونے کی اطلاع نہیں ملی، تاہم خستہ حال چھتیں کسی بھی وقت بڑے حادثے کا سبب بن سکتی ہیں، جس کے باعث والدین میں تشویش پائی جاتی ہے۔ ذرائع کے مطابق اسکول میں 2023 سے بجلی کی سہولت موجود نہیں، جس کے باعث شدید گرمی میں بچوں کو مشکلات کا سامنا ہے۔ بجلی نہ ہونے سے پانی کی فراہمی بھی متاثر ہے۔ اسکول میں صفائی کے لیے سویپر اور سیکیورٹی کے لیے چوکیدار تک تعینات نہیں، جس کے باعث تینوں واش رومز انتہائی خراب حالت میں ہیں اور تعفن و بدبو سے طلبہ کے لیے ان کا استعمال دشوار ہوگیا ہے۔ اسکول میں کلاس رومز کی شدید کمی کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ طلبہ کی بڑی تعداد کے باعث ایک ہی کمرے میں بیک وقت 3،3 جماعتوں کی کلاسز لینے کی نوبت آتی ہے، جبکہ فرنیچر کی قلت کے باعث ایک ڈیسک پر 2 سے 3 بچے بیٹھنے پر مجبور ہیں۔ تقریباً 503 بچوں کے لیے ہیڈ مسٹریس سمیت صرف 11 معلمات تدریسی فرائض انجام دے رہی ہیں، جبکہ انتظامی امور کے لیے صرف ایک ہیڈ کلرک موجود ہے۔

بقیہ نمبر 32 «قوم کی آواز»

کے پہلے ہی روز برانچ نے بھرپور پذیرائی حاصل کی۔ ڈی آئی بی پاکستان کے جاری توسیعی منصوبے ملک کے تیزی سے ترقی کرتے تجارتی مراکز میں اپنی موجودگی بڑھانے کے عزم کو ظاہر کرتے ہیں۔ اس اقدام کے ذریعے بینک اپنی ڈیجیٹل بینکاری سہولتوں کے ساتھ فزیکل نیٹ ورک کو بھی وسعت دے رہا ہے، تاکہ ملک بھر کی مختلف کیمونٹیز کو بین الاقوامی معیار کی بینکاری خدمات فراہم کی جاسکیں۔ برانچ کا افتتاح ڈی آئی بی پاکستان کے سی ای او محمد علی گل فراز نے سرائے عالمگیر اور گرد ونواح سے تعلق رکھنے والے کاروباری رہنماؤں، کیمونٹی نمائندگان اور دیگر اہم شراکت داروں کی موجودگی میں کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا، "ڈی آئی بی غیر معمولی رفتار سے ترقی کررہا ہے۔ گزشتہ سال کی مستحکم پیش رفت کو آگے بڑھاتے ہوئے ہم رواں سال مزید 75 برانچیں کھولنے کی راہ پر گامزن ہیں۔ ہمارا مقصد ملک کے ہر خطے میں ایک مضبوط و جامع نیٹ ورک قائم کرنا اور اپنے معزز صارفین کو بین الاقوامی معیار کی بینکاری خدمات فراہم کرنا ہے۔" بینک کی انتظامیہ نے مقامی کاروباری برادری سے ملاقات کی اور خطے کی بدلتی ہوئی مالی ضروریات کے بارے میں آگاہی حاصل کی۔ اس موقع پر کمپنی اکاؤنٹس، ریمٹینس اکاؤنٹس اور غیر ملکی کرنسی ڈپازٹس سمیت مختلف بینکاری سہولتوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ صارفین نے علاقے میں جدید بینکاری سہولتوں سے آراستہ نئی برانچ قائم کرنے پر ڈی آئی بی پاکستان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ نئی برانچ سے نہ صرف جدید بینکاری سہولتوں تک رسائی بہتر ہوگی بلکہ علاقے میں کاروباری سرگرمیوں اور معاشی ترقی کو بھی فروغ ملے گا۔ برانچ نیٹ ورک میں مسلسل توسیع اور ترقی کی حامل اہم مارکیٹس پر خصوصی توجہ کے ذریعے ڈی آئی بی پاکستان ملک بھر میں اپنی رسائی کو بڑھا رہا ہے۔ نیٹ ورک کے انفرا اسٹرکچر، خدمات کے اعلیٰ معیار اور ٹیکنالوجی میں مسلسل سرمایہ کاری کے ذریعے ڈی آئی بی پاکستان پائیدار ترقی کو فروغ دینے، صارفین کے ساتھ رابطے اور رسائی کو بڑھانے اور شہری و علاقائی مراکز میں اقتصادی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے پُرعزم ہے۔

بقیہ نمبر 33 «قوم کی آواز»

اجلاس میں ڈپٹی کمشنرز، ٹریفک پولیس، بلدیہ عظمیٰ کراچی، ٹاؤن میونسپل ایڈمنسٹریشنز اور کنٹونمنٹ بورڈز

کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ٹریفک کی روانی بہتر بنانے کے لیے متعلقہ ادارے مربوط کارروائیاں کریں گے اور خلاف ورزیوں کے دوبارہ وقوع پذیر ہونے کی روک تھام یقینی بنائی جائے گی۔ اجلاس میں بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ کراچی میں غیر قانونی چارجڈ پارکنگ کے 33 مقامات کی نشاندہی کی گئی ہے، جن میں سے 20 مقامات سے غیر قانونی پارکنگ ختم کرادی گئی ہے۔ اگست اور ستمبر کے دوران کارروائیوں میں 47 مقدمات درج کیے گئے، جبکہ متعدد افراد کو گرفتار بھی کیا گیا۔ جن مقامات سے غیر قانونی چارجڈ پارکنگ ختم کرائی گئی، ان میں خواجہ نظام الدین پارک، ڈینسو ہال سگنل تا ٹاور گلی، عیپئر روڈ، برنس گارڈن، لوہانی بلڈنگ کے قریب، گل تجارت، کوٹوال بلڈنگ، مچھی میانی مارکیٹ، پارک لینڈ اسپتال کے اطراف، گلاس ٹاور، یو بی ایل بینک بلاک 5 کلفٹن، پریڈی پولیس فلیٹس، نبی بخش تھانے اور ریگل چوک کے اطراف کے مقامات شامل ہیں۔

بقیہ نمبر 34 «قوم کی آواز»

شرح سود میں کمی اور بہتر کاروباری اعتماد کے باعث نجی سرمایہ کاری میں 8.6 فیصد اضافہ ہوا، تاہم مہنگی توانائی، بیرونی غیر یقینی صورتحال، عالمی مالیاتی حالات اور موسمیاتی خطرات معاشی نمو کے لیے چیلنج برقرار ہیں۔ اے ڈی بی کی رپورٹ کے مطابق مالی سال 2026 میں پاکستان کی معاشی نمو میں خدمات، مینوفیکچرنگ، زراعت اور نجی سرمایہ کاری نے اہم کردار ادا کیا۔ سیلابی نقصانات کے باوجود زرعی شعبے کی شرح نمو 2.9 فیصد رہی، جبکہ مینوفیکچرنگ اور خدمات کے شعبوں میں توسیع نے مجموعی معاشی سرگرمیوں کو تقویت دی۔ رپورٹ میں مالی سال 2027 کے لیے پاکستان کی معاشی شرح نمو 3.7 فیصد رہنے کی پیشگوئی برقرار رکھی گئی ہے، جو حکومت کے 4 فیصد بجٹ ہدف سے کم ہے۔ اے ڈی بی کے مطابق مسلسل معاشی اصلاحات اور زرمبادلہ کے مضبوط ذخائر پاکستان کے معاشی منظرنامے کو سہارا دے رہے ہیں، جبکہ گزشتہ دو برس کے دوران معاشی استحکام مضبوط بنانے میں پیش رفت ہوئی ہے۔ اے ڈی بی کے مطابق مجموعی بین الاقوامی زرمبادلہ ذخائر میں اضافے سے پاکستان کی بیرونی مالیاتی لچک مضبوط ہوئی ہے، جبکہ خودمختار کریڈٹ ریٹنگ میں بہتری اور عالمی سرمایہ مارکیٹ تک دوبارہ رسائی سے نجی سرمایہ کاری کے امکانات میں اضافہ ہوسکتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق مالی سال 2026 کے دوران پاکستان نے یورو بانڈ اور پانڈا بانڈ کے ذریعے عالمی سرمایہ مارکیٹ تک دوبارہ رسائی حاصل کی، جبکہ مالیاتی استحکام کا عمل بھی جاری رہا۔ اے ڈی بی نے کہا کہ نجی سرمایہ کاری میں اضافے کے لیے اصلاحات کا تسلسل اور کاروباری ماحول میں بہتری اہم عوامل ہیں۔ اے ڈی بی نے خبردار کیا کہ مشرق وسطیٰ کے تنازع میں شدت پاکستان کی توانائی درآمدی لاگت بڑھا سکتی ہے، جبکہ خلیجی ممالک میں روزگار کے مواقع متاثر ہونے کی صورت میں پاکستان آنے والی ترسیلات زر پر بھی اثر پڑسکتا ہے۔ مہنگی توانائی اور بیرونی غیر یقینی صورتحال معاشی شرح نمو میں تیزی کو محدود کرسکتی ہے۔ رپورٹ کے مطابق حکومت کی جانب سے دوبارہ کفایت شعاری کے اقدامات معاشی سرگرمیوں کو متاثر کرسکتے ہیں، جبکہ ٹیکس محصولات، عالمی مالیاتی حالات اور موسمیاتی خطرات بھی معیشت کے لیے اہم چیلنجز ہیں۔ توانائی اور سرکاری اداروں میں اصلاحات میں تاخیر کو بھی معاشی خطرہ قرار دیا گیا ہے۔ اے ڈی بی کے مطابق مالی سال 2026 میں پاکستان میں اوسط مہنگائی 7.1 فیصد رہی، جبکہ مالی سال 2027 میں اوسط مہنگائی 8.3 فیصد رہنے کی پیشگوئی کی گئی ہے، جو مرکزی بینک کے 5 سے 7 فیصد ہدف سے زیادہ ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ مالیاتی اور بیرونی استحکام برقرار رکھنے کے لیے اصلاحات پر مستقل عملدرآمد اور نجی سرمایہ کاری کا فروغ جامع اور پائیدار معاشی نمو کے لیے ضروری ہے۔

بقیہ نمبر 35 «قوم کی آواز»

مرکز لاہوری محلہ میں سول لائن تھانے کی حدود میں موٹر سائیکل سوار مسلح افراد نے کار پر اندھا دھند فائرنگ کردی، جس کے نتیجے میں ڈرائیور سمیت 4 افراد جاں بحق ہوگئے۔ واقعے کے بعد ملزمان فرار ہوگئے، پولیس نے علاقے کی ناکہ بندی اور ملزمان کی گرفتاری کیلئے کارروائی شروع کردی۔ پولیس کے مطابق مقتولین کا تعلق نوں ڈیرو کے قریب گاؤں حسن واہن سے تھا اور وہ کھوکھر برادری سے تعلق رکھتے تھے۔ جاں بحق افراد کی شناخت اللہ ورایو ولد اختیار کھوکھر، اس کے بھائی منصور علی کھوکھر، علی شیر ولد غلام قادر کھوکھر اور کار ڈرائیور غلام محب منگلیجہ کے نام سے ہوئی ہے۔ اطلاع ملنے پر پولیس فوری طور پر موقع پر پہنچ گئی اور زخمیوں کو ٹراما سینٹر منتقل کیا گیا، تاہم وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گئے۔ مقتولین کے ورثا کے مطابق ان کا اپنی ہی برادری کے افراد کے ساتھ پرانا زمینی تنازع چل رہا تھا، جس کی بنیاد پر مسلح ملزمان نے کار کو نشانہ بنایا۔ سول لائن پولیس نے بھی ابتدائی تحقیقات میں دونوں فریقوں کے درمیان پرانے زمینی تنازع کی موجودگی کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ واقعے کے محرکات کا جائزہ لیا جارہا ہے۔ واقعے کے بعد وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے لاڑکانہ میں فائرنگ سے 4 افراد کے قتل کا نوٹس لیتے ہوئے آئی جی سندھ سے تفصیلی رپورٹ طلب کرلی۔ وزیراعلیٰ نے ہدایت دی کہ قتل میں ملوث ملزمان کی جلد گرفتاری ہر صورت یقینی بنائی جائے اور لاڑکانہ میں امن و امان کی صورتحال برقرار رکھنے کیلئے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ سید مراد علی شاہ نے کہا کہ علاقے میں امن وامان برقرار رکھنے اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے، آئی جی پولیس واقعے کی تحقیقات اور امن وامان کی صورتحال سے متعلق رپورٹ پیش کریں۔ وزیر داخلہ سندھ ضیاء الحسن لنجار نے بھی لاہوری محلہ فائرنگ کے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے ایس ایس پی لاڑکانہ سے تفصیلی رپورٹ طلب کرلی۔ انہوں نے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے واقعے کی تمام پہلوؤں سے تحقیقات اور ملزمان کی فوری گرفتاری کی ہدایت کی۔ ضیاء الحسن لنجار نے کہا کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ذمہ داری ہے، واقعے میں ملوث عناصر کو قانون کی گرفت میں لایا جائے اور لاڑکانہ میں امن وامان برقرار رکھنے کیلئے مؤثر اقدامات یقینی بنائے جائیں۔ انہوں نے واقعے کے محرکات کا تعین کرکے آئندہ ایسے واقعات کی روک تھام کیلئے ٹھوس اقدامات کرنے کی بھی ہدایت کی۔ آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو نے بھی واقعے کا سخت نوٹس لیتے ہوئے ڈی آئی جی اور ایس ایس پی لاڑکانہ سے تفصیلی رپورٹ طلب کرلی۔ انہوں نے ملزمان کی فوری گرفتاری کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لانے اور ملزمان کی شناخت و گرفتاری کیلئے مؤثر تفتیش اور انٹیلی جنس اقدامات کی ہدایت کی۔ آئی جی سندھ نے کہا کہ علاقے میں سرچ، ناکہ بندی اور نگرانی کے عمل کو مزید مؤثر بنایا جائے اور ملزمان کو جلد از جلد قانون کی گرفت میں لایا جائے۔ امن وامان کو کسی صورت خراب نہیں ہونے دیا جائے گا اور واقعے میں ملوث عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی یقینی بنائی جائے گی۔ مقتولین کے ورثا نے ڈی آئی جی اور ایس ایس پی لاڑکانہ سے واقعے کا نوٹس لے کر ملزمان کو گرفتار کرنے اور انصاف فراہم کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ نمبر 36 «قوم کی آواز»

ایشین گیمز کے لیے اسکواڈ کا انتخاب 5 ماہ قبل کیا گیا تھا، ٹیم اچھی ہے اور جاپان کی کنڈیشنز سازگار رہیں تو قومی ٹیم کی بیٹنگ کافی بہتر ہوگی۔ انہوں نے سلمان مرزا کی انجری پر مایوسی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ گزشتہ 3 روز سے کراچی میں موجود ہیں، جبکہ شاہنواز دہانی کے ساتھ پہلے بھی کام کرچکے ہیں۔ ہیڈ کوچ نے کہا کہ بھارت اچھی کرکٹ کھیل رہا ہے، اگر ایشین گیمز میں بھارتی ٹیم سے سامنا ہوا تو پاکستان بھرپور مقابلہ کرے گا۔ مائیک ہیسن نے کہا کہ قومی ٹیسٹ ٹیم اچھی کارکردگی نہیں دکھا رہی، تاہم ٹی 20 ٹیم دنیا کی چوتھی یا پانچویں بہترین ٹیم ہے، جبکہ ون ڈے کرکٹ میں قومی ٹیم کی کارکردگی میں بہتری آرہی ہے۔

بقیہ نمبر 37 «قوم کی آواز»

سے شکست دے کر ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی کے زیر اہتمام پچ می ٹرافی انڈر 15 انٹر زونل کرکٹ ٹورنامنٹ جیت لیا۔ کے سی سی اے اسٹیڈیم میں کھیلے گئے فائنل میں زون 2 وائٹس پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 118 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ عاطف نے 25، محمد امام نے 22، انس آفریدی نے 23، خوزیمہ سلال نے 24 اور یونس نے 20 رنز بنائے۔ زون 6 وائٹس کے یونس، انس آفریدی اور خوزیمہ سلال نے 2،2 وکٹیں حاصل کیں۔ جواب میں زون 6 وائٹس نے 2 وکٹوں کے نقصان پر 119 رنز کا ہدف حاصل کرلیا۔ آلیش ملک نے 6 چوکوں کی مدد سے 48 جبکہ فیصل قربان نے 3 چوکوں کی مدد سے 37 رنز بنا کر اپنی ٹیم کی کامیابی میں اہم کردار ادا کیا۔ اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مہمان خصوصی میڈی کیم گروپ آف کمپنیز کے گروپ میڈیا منیجر جاوید اختر کیانی نے کہا کہ کرکٹ کے فروغ کیلئے میڈی کیم گروپ ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی کے ساتھ اپنا تعاون جاری رکھے گا۔ آر سی اے کراچی کے سیکرٹری علی حسین نے ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کو اسپانسر کرنے پر میڈی کیم گروپ اور جنید خلیل نینی تال والا کا شکریہ ادا کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ یہ سلسلہ آئندہ بھی جاری رہے گا۔ جوائنٹ سیکرٹری محمد توصیف صدیقی نے ٹورنامنٹ کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔ کوآرڈینیٹر اعظم خان نے زون 6 وائٹس اور زون 2 وائٹس کو عمدہ کھیل پیش کرنے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ ندیم عمر کی قیادت میں کراچی میں گراس روٹ لیول پر کرکٹ کے فروغ کیلئے کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔ انہوں نے ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کو اسپانسر کرنے

کو میڈی کیم گروپ کا قابل تحسین اقدام قرار دیا۔ تقریب کے اختتام پر جاوید اختر کیانی اور علی حسین نے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے۔ فاتح ٹرافی زون 6 وائٹس کے کپتان آلیش ملک جبکہ رنراپ ٹرافی زون 2 کے کپتان محمد امام نے وصول کی۔ آلیش ملک کو بہترین بلے باز اور فائنل کا مین آف دی میچ جبکہ یحییٰ اسلم کو بہترین باؤلر کا ایوارڈ دیا گیا۔

بقیہ نمبر 38 «قوم کی آواز»

کرتے ہوئے کہا کہ موسمیاتی فنڈ تک رسائی کا طریقہ کار آسان بنایا جائے، انہوں نے ورلڈ بینک، ایشیائی ترقیاتی بینک اور عالمی مارکیٹ سے مالی وسائل حاصل کرنے پر بھی زور دیا۔

بقیہ نمبر 39 «قوم کی آواز»

غور شروع کردیا۔ آباد ہیڈ آفس میں منعقدہ آگاہی سیشن میں ایس ای سی پی کے کمشنر مظفر احمد مرزا کی قیادت میں وفد نے شرکت کی۔ اجلاس میں چیئرمین آباد محمد حسن بخشی، سینئر وائس چیئرمین سید افضل حمید، وائس چیئرمین طارق عزیز میمن اور بلڈر برادری کے نمائندے موجود تھے۔ کمشنر مظفر احمد مرزا نے کاروباری رجسٹریشن آسان بنانے اور غیر رجسٹرڈ کاروباری اداروں کو کمپنی کا ڈھانچہ اپنانے کی ترغیب دینے سے متعلق ایس ای سی پی کی اصلاحات پر بریفنگ دی۔ انہوں نے بتایا کہ کمپنی کی رجسٹریشن سے کاروبار کو الگ قانونی حیثیت حاصل ہوتی ہے جبکہ شیئر ہولڈرز کے ذاتی اثاثے بھی محفوظ رہتے ہیں۔ انچارج کراچی کمپنی رجسٹریشن آفس سڈنی کسٹوڈیو پریرا نے ای زی فائل پورٹل کا عملی مظاہرہ کرتے ہوئے بتایا کہ ڈیجیٹل انضمام کے باعث کمپنی رجسٹریشن اور فائلنگ کا عمل تیز ہوگیا ہے۔ بریفنگ میں کہا گیا کہ کارپوریٹ حیثیت اختیار کرنے سے کاروباری اداروں کیلئے فنانسنگ اور مقامی و بین الاقوامی مارکیٹ تک رسائی آسان ہوتی ہے۔ آباد کی قیادت نے ایس ای سی پی کے اقدام کو سراہتے ہوئے کاروبار کو کمپنیوں میں تبدیل کرنے پر غور کی تصدیق کی اور کمپنیز ایکٹ 2017 کے تحت رئیل اسٹیٹ شعبے سے متعلق تجاویز جمع کرانے پر اتفاق کیا۔

بقیہ نمبر 40 «قوم کی آواز»

پر حاصل کرسکیں، جو انہیں روزمرہ مالی ضروریات کو زیادہ آسانی سے پورا کرنے اور اپنی مالی معاملات پر زیادہ بہتر کنٹرول رکھنے میں مدد دے گا۔ یہ معاہدہ سہیل خان، گروپ ایڈوائزر، ایس او ایس گروپ، اور مریم پرویز، چیف انوویشن & فنانشل انکلوژن آفیسر، اے بی ایچ آئی مائیکروفنانس بینک، نے مسٹر کبیر نقوی، انٹر پرینیور ان ریزیڈنس، اے بی ایچ آئی گروپ، اور کنور محمد طارق، گروپ چیئرمین، کی موجودگی میں دستخط کیا۔

بقیہ نمبر 41 «قوم کی آواز»

ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کاٹی) میں صنعتکاروں سے خطاب میں کیا۔ تقریب میں کاٹی کے صدر محمد اکرام راجپوت، سینئر نائب صدر زاہد حمید، نائب صدر محمد طلحہ علی، یونائیٹڈ بزنس گروپ (یو بی جی) کے چیئرمین خالد تواب، صدر زبیر طفیل، سابق رکن قومی اسمبلی کنور قطب الدین خان، بیرسٹر شہزاد حیات خان سمیت دیگر ممبران اور صنعتکار موجود تھے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ چین آج دنیا کی بڑی معاشی طاقت، وہاں ہر شہری کاروبار کرکے ترقی کررہا ہے جبکہ پاکستان میں چند لوگ ہی کامیاب صنعتکار اور تاجر بن سکے، ہم آپس میں اختلافات کی نظر ہوگئے اور کامیاب بزنس مائنڈ ڈولپ پیدا کرنے میں مسائل کا سامنا کررہے ہیں، سیاست دانوں میں بھی اتحاد نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری معیشت 80 فیصد چھوٹی اور درمیانی صنعت پر منحصر ہے، جس پر توجہ بڑھانے کی ضرورت ہے۔

بقیہ نمبر 42 «قوم کی آواز»

سیکریٹری اور شاہد میر سھتو کو ڈپٹی انفارمیشن سیکریٹری مقرر کرنے کی منظوری دی گئی، جبکہ خالد حسین جلبانی کو ایگزیکٹو کمیٹی کا ممبر عہدہ دینے کی بھی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں ایسوسی ایشن کے آئندہ امور اور تنظیمی معاملات پر غور کیا گیا، جبکہ وزیر صحت سے ملاقات اور نومنتخب عہدیداران کی حلف برداری کی تقریب منعقد کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اس موقع پر ممبر وسیم ہاشمی کے ماموں اور جوائنٹ سیکریٹری نائلہ نظام کے والد کے لیے مغفرت کی دعا بھی کی گئی۔

بقیہ نمبر 43 «قوم کی آواز»

دیئے۔ ہدایتکار ایم نبیل راہی اور فائزہ ملک کی پرفارمنس بھی اچھی رہی، صبا شیخ نے بھی اپنی موجودگی کا بھرپور احساس دلایا اور کامیاب رہیں، کامیڈین پرویز صدیقی، شکیل شاہ، ذاکر مستانہ، بلو ظریف، عارف شیخ بھی اچھے رہے، ناصر ڈاڈا، اشرف چراغ، ناصر کا نور اور زہنی خان بھی لاجواب رہے گلوکارہ شازیہ بانو، لالہ سجاد، کنول بھٹو، اور جواں سال گلوکار فردین نے اپنی آواز کا خوبصورت جادو جگایا ان کے خوبصورت گیتوں پر انہیں بھرپور داد دی پروگرام میں معروف شخصیت صبیحہ شیخ، پروڈیوسر شہزاد عالم، ہدایتکار زاہد شاہ، رضوان صابر، ایم جمیل راہی، ناصر خان، یونس میمن، ذاکر حسین، طاہر خان آلائی، علی بلوچ، عمران میمن، حمید راٹھور، زبیر ہاشمی اور دیگر شخصیات موجود تھیں، پاکستان فلم اینڈ ٹی وی جرنلسٹس ایسوسی ایشن کے اطہر جاوید صوفی، عبدالوسیع قریشی، ایس ایم شاکر، وسیم خان، نے خصوصی شرکت کی، اس موقع پر پروڈیوسر ستارہ زیدی نے کہا کہ وہ تمام فنکاروں دوست احباب اور میڈیا سے وابستہ شخصیات کی آمد پر ان کی بے حد مشکور ہیں جو اپنا قیمتی وقت نکال کر پروگرام میں آئے ستارہ زیدی کا کہنا تھا کہ وہ اب ریگولر ڈرامے اور ورائٹی پروگرامز کا شیڈول ترتیب دیں گی ایم جمیل راہی اور شہزاد عالم، علی بلوچ، صبیحہ شیخ کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کرونگی جنہوں نے پروگرام ترتیب دینے کے حوالے سے سپورٹ کی، واضح رہے کہ مذکورہ ورائٹی پروگرام آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی کے اوپن ایئر تھیٹر میں کامیابی کے ساتھ پیش کیا گیا شائقین کی کثیر تعداد نے پروگرام دیکھا اور پسند کیا اور ستارہ زیدی کو مبارکباد پیش کی ستارہ زیدی کی جانب سے کراچی تھیٹر کی معروف ڈائریکٹرز و پروڈیوسرز کے ساتھ ساتھ میڈیا سے وابستہ شخصیات کی عزت افزائی کے عمل کو بے حد سراہا گیا

بقیہ نمبر 44 «قوم کی آواز»

کیمیکل اور فارنزک نمونے 2 روز گزرنے کے باوجود تجزیے کیلئے جمع نہیں کرائے جاسکے، جس سے تحقیقات متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ پولیس حکام کے مطابق فارنزک نمونے میڈیکولیگل رپورٹ (ایم ایل) موصول نہ ہونے کے باعث روک دیے گئے ہیں۔ اتوار کی دوپہر احسن آباد کے ایک فلیٹ سے 5 افراد کی لاشیں برآمد ہوئی تھیں، جن کا پوسٹ مارٹم مکمل کرلیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق تمام افراد کی ہلاکت کی اصل وجہ کا تعین پوسٹ مارٹم کی حتمی رپورٹ اور فارنزک تجزیے سے ہوگا، تاہم نمونے جمع کرانے میں تاخیر سے تحقیقات میں رکاوٹ پیدا ہونے کا خدشہ ہے۔ پولیس حکام نے کہا کہ ایم ایل رپورٹ کے حصول کیلئے متعلقہ حکام اور ڈاکٹروں سے متعدد بار رابطہ کیا گیا ہے، تاہم رپورٹ تاحال فراہم نہیں کی گئی۔

بقیہ نمبر 45 «قوم کی آواز»

فراہمی عارضی طور پر معطل ہوگئی۔ واٹر کارپوریشن کے ترجمان کے مطابق پپری پمپنگ اسٹیشن کی بجلی کی فراہمی مکمل طور پر منقطع ہونے کے باعث شہر کو پانی کی سپلائی متاثر ہوئی ہے۔ کے الیکٹرک کی جانب سے بجلی بحال ہوتے ہی پمپنگ اسٹیشن سے پانی کی فراہمی فوری طور پر بحال کردی جائے گی۔ واٹر کارپوریشن کے مطابق گزشتہ ہفتے بھی دھابیجی پمپنگ اسٹیشن کی بجلی 17 گھنٹے بعد بحال ہوئی تھی، جس کے بعد پانی کی فراہمی شروع کردی گئی تھی۔ ادارے کے مطابق تھرڈ فیڈر، فورتھ فیڈر اور کے تھری پمپس ہاؤس کے ایک فیڈر کی بجلی بحال کردی گئی، تاہم کے تھری پمپس ہاؤس کے ایک فیڈر کی بجلی تاحال بحال نہیں ہوسکی۔ فیڈر کی بحالی کے لیے کے الیکٹرک کی جانب سے اقدامات جاری ہیں۔ ترجمان واٹر کارپوریشن نے کہا کہ بجلی کی بحالی کے بعد متاثرہ 10 میں سے 8 پمپس فعال کردیے گئے، جس سے پانی کی فراہمی بحال ہوگئی۔ بجلی کے بریک ڈاؤن کے دوران کراچی کو 198 ملین گیلن پانی کی کمی کا سامنا کرنا پڑا۔

بقیہ نمبر 46 «قوم کی آواز»

1122 کی ہنگامی خدمات، مرکزی کمانڈ اینڈ کنٹرول، فیلڈ آپریشنز اور دیگر عوامی سہولیات سے متعلق بریفنگ دی۔ ایمرجنسی کی صورت کمانڈ اینڈ فیلڈ اور میں بروقت رسپانس، ریسکیو اور انخلا، طبی امداد، فائر فائٹنگ، واٹر ریسکیو، اربن سرچ اینڈ ریسکیو سمیت مختلف شعبوں کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ریسکیو سروس کی آپریشنل استعداد، وسائل کے مؤثر استعمال، عملے کی تربیت اور مختلف اداروں کیساتھ رابطہ کاری سے متعلق امور بھی زیر غور آئے۔ مشیر وزیر اعلیٰ سندھ نے ریسکیو 1122 کی ہنگامی خدمات کو مزید مؤثر بنانے، عوام کو بروقت امداد کی فراہمی اور آپریشنل وانتظامی امور میں بہتری کے لیے اقدامات جاری رکھنے کی ہدایت کی۔

بقیہ نمبر 47 «قوم کی آواز»

ملزم بخت بلند کی سزائے موت عمر قید میں تبدیل کردی، جبکہ شریک ملزم بابر خان کی سہولتکاری کے الزام میں سزا کم کرکے جیل میں گزارا گیا عرصہ قرار دے دیا۔ جسٹس عمر سیال کی سربراہی میں جسٹس شمس الدین عباسی پر مشتمل سندھ ہائیکورٹ کے 2 رکنی بینچ نے جمشید کوارٹرز میں گھریلو تنازع پر دہرے قتل کے مقدمے میں ملزمان بخت بلند اور بابر

خان کی سزا کے خلاف اپیلوں پر فیصلہ سنایا۔ عدالت نے خاتون زیب النساء کے قتل کے جرم میں ملزم بخت بلند کی سزائے موت کو عمر قید میں تبدیل کردیا، جبکہ ہارون کے قتل اور اقدام قتل کے الزامات سے اسے بری کردیا۔ عدالت نے غیر قانونی اسلحے کے مقدمے میں ملزم کی سزا برقرار رکھی۔ عدالت نے شریک ملزم بابر خان کی سہولت کاری کے الزام میں سزا میں کمی کرتے ہوئے اسے جیل میں گزارے گئے عرصے تک محدود کردیا۔ فیصلے میں عدالت نے قرار دیا کہ ملزم بخت بلند اور مقتولہ زیب النساء کے درمیان ازدواجی تنازع، بچوں کے نان نفقے اور زیرالتوا مقدمات واقعے کا پس منظر ثابت کرتے ہیں۔ پراسیکیوشن کے مطابق ملزم بخت بلند اور یوسف رحمان نے 2021 میں گھریلو تنازع پر زیب النساء کو فائرنگ کرکے قتل جبکہ انور کو زخمی کیا تھا۔ ملزمان نے فرار ہوتے ہوئے مقتولہ کے بھائی ہارون کو بھی فائرنگ کرکے قتل کردیا تھا۔ پراسیکیوشن کے مطابق ملزم بخت بلند کو مانسہرہ سے گرفتار کیا گیا تھا جبکہ شریک ملزم یوسف رحمان مقدمے میں مفرور ہے۔

بقیہ نمبر 48 «قوم کی آواز»

پیشہ عناصر کے خلاف روزانہ کی بنیاد پر ہدفی کومبنگ اور سرچ آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے، اسی سلسلے میں پاکستان بازار تھانے کی حدود گلشن بہار سیکٹر 16 اور ملحقہ علاقوں میں پولیس نے سرچ آپریشن کیا۔ ایس ایس پی ویسٹ طارق الٰہی مستوئی کی ہدایت پر کیے گئے آپریشن کے دوران پولیس نے علاقے کے داخلی و خارجی راستے محدود کرکے ہدفی مقامات کی تلاشی لی، جبکہ بائیو میٹرک تلاش ڈیوائس کی مدد سے متعدد مشتبہ افراد کی شناخت اور تصدیق بھی کی گئی۔ پولیس کے مطابق آپریشن کی نگرانی ایس ڈی پی او پاکستان بازار نے کی، جس میں ایس ایچ او پاکستان بازار، پولیس نفری، خواتین اہلکاروں اور انٹیلی جنس عملے نے حصہ لیا۔ پولیس حکام نے کہا کہ کومبنگ آپریشن کا مقصد علاقے میں امن و امان برقرار رکھنے، شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنانے اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کے لیے کارروائیاں تیز کرنا ہے۔

بقیہ نمبر 49 «قوم کی آواز»

کراچی آزاد خان کے ہمراہ ڈی آئی جی ویسٹ عرفان بلوچ، ایس ایس پی ایس آئی یو سمیع اللہ سومرو، ایس ایس پی ویسٹ طارق الٰہی مستوئی اور متعلقہ پولیس ٹیموں کو عرفی اسناد سے نوازا۔ ویسٹ پولیس کو سرجانی ٹاؤن میں خاتون سمیت چار افراد کے قتل کے سنگین مقدمے کو کامیابی سے حل کرنے جبکہ ایس آئی یو پولیس کو ڈرگ مافیا کیخلاف موثر کارروائی اور بھاری مقدار میں منشیات برآمد کرنے پر تعریفی اسناد سے نوازا گیا۔ اس موقع پر آئی جی سندھ کا کہنا تھا کہ اندھے قتل کے ہائی پروفائل کیس کو پیشہ ورانہ مہارت اور مؤثر تفتیش کے ذریعے حل کرکے ملزم کی گرفتاری پر ویسٹ پولیس کی کارکردگی قابل تحسین ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ منشیات کے ناسور کیخلاف کامیاب کاروائی اور بھاری مقدار میں منشیات کی برآمدگی پر پولیس کی موثر حکمت عملی پیشہ ورانہ صلاحیت اور جرائم کے خلاف عزم کا ثبوت ہے۔ پولیس افسران واہلکاروں کی فرض شناسی، پیشہ ورانہ صلاحیت اور جرائم کیخلاف بھرپور عزم قابل قدر ہے۔ آئی جی سندھ کا کہنا تھا کہ جرائم کیخلاف نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران واہلکاروں کی حوصلہ افزائی اور ان کی خدمات کے اعتراف کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ نمبر 50 «قوم کی آواز»

رکھا جا سکتا۔ انہوں نے جمعہ کے روز پاکستان مسلم لیگ فنکشنل ڈسٹرکٹ ساؤتھ کے مرکزی دفتر کے باقاعدہ افتتاح کے موقع پر خطاب کررہے تھے۔ اس موقع پر کراچی ڈویژن کے سینئر نائب صدر نعیم سجاد، جنرل سیکریٹری کراچی ڈویژن جمشید خان، کراچی ڈویژن لیبر ونگ کے صدر ولی وارثی، محترمہ تحسین جونیجو، ڈسٹرکٹ ملیر کے صدر قادر دلغاری، پاکستان مسلم لیگ فنکشنل ڈسٹرکٹ ساؤتھ کی پوری کابینہ، پی ایس 106، پی ایس 107، پی ایس 108، پی ایس 109 اور پی ایس 110 کے عہدیداران اور کارکنان بڑی تعداد میں موجود تھے۔ سردار عبدالرحیم نے کہا کہ ڈسٹرکٹ ساؤتھ کراچی کا ایک اہم اور گنجان آباد ضلع ہے، جہاں شہریوں کو طویل عرصے سے مختلف بنیادی مسائل کا سامنا ہے۔ کئی علاقوں میں پینے کے صاف پانی کی قلت، بوسیدہ سیوریج نظام، کچرے کے ڈھیر، ٹوٹی پھوٹی سڑکیں، ٹریفک کے مسائل، سرکاری اسپتالوں اور ڈسپنسریوں میں سہولیات کی کمی جبکہ سرکاری اسکولوں کی حالت زار عوام کے لیے مشکلات کا باعث بن رہی ہے۔ حکومت اور متعلقہ اداروں کو ان مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کرنا ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ فنکشنل عوامی مسائل کو محض سیاسی نعرہ نہیں سمجھتی بلکہ عوام کے بنیادی حقوق کے تحفظ کو اپنی سیاسی جدوجہد کا اہم حصہ سمجھتی ہے۔ ڈسٹرکٹ ساؤتھ میں پارٹی کا مرکزی دفتر قائم ہونے سے کارکنان کو عوام سے براہ راست رابطے اور ان کے مسائل اجاگر کرنے کے لیے ایک مؤثر پلیٹ فارم میسر آئے گا۔ سردار عبدالرحیم نے کہا کہ کراچی کے عوام ملک کی معیشت میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں لیکن بدقسمتی سے انہیں آج بھی بنیادی شہری سہولیات کے حصول کے لیے مشکلات کا سامنا ہے۔ کراچی کے انفراسٹرکچر، پانی، بجلی، صفائی، ٹرانسپورٹ اور امن وامان کے مسائل کو مستقل بنیادوں پر حل کرنے کی ضرورت ہے۔ شہر کو صرف محصولات حاصل کرنے کا ذریعہ نہیں بلکہ یہاں بسنے والے کروڑوں شہریوں کے حقوق اور سہولیات کو بھی ترجیح دینا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ فنکشنل ڈسٹرکٹ ساؤتھ میں تنظیم کو مزید فعال اور مضبوط بنائے گی، یونٹ اور وارڈ کی سطح تک کارکنان کو منظم کیا جائے گا اور عوامی رابطہ مہم کے ذریعے شہریوں کے مسائل متعلقہ اداروں تک پہنچائے جائیں گے۔ پارٹی کارکنان عوام کے درمیان رہ کر ان کے مسائل سنیں اور ان کے حل کے لیے آئینی، جمہوری اور قانونی طریقے سے جدوجہد کریں۔ سردار عبدالرحیم نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ فنکشنل ایک منظم سیاسی جماعت ہے اور پیر صاحب پگارا کی قیادت میں "متحد سندھ، مضبوط پاکستان" کے اصول پر یقین رکھتی ہے۔ سندھ کے عوام کے حقوق، صوبے کی وحدت، جمہوری نظام اور آئین کی بالادستی کے لیے سیاسی اور جمہوری جدوجہد جاری رکھی جائے گی۔ انہوں نے ڈسٹرکٹ ساؤتھ کے عہدیداران اور کارکنان کو مرکزی دفتر کے قیام پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ یہ دفتر صرف پارٹی سرگرمیوں کا مرکز نہیں بلکہ عوامی رابطے اور عوامی مسائل کے حل کے لیے بھی ایک فعال پلیٹ فارم ہونا چاہیے۔ انہوں نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ اپنے علاقوں میں عوام سے رابطہ بڑھائیں اور ہر سطح پر شہریوں کے مسائل کو اجاگر کریں۔ مرکزی دفتر کے افتتاح کے بعد سردار عبدالرحیم کی سالگرہ کے موقع پر کیک بھی کاٹا گیا۔ اس موقع پر موجود رہنماؤں، عہدیداران اور کارکنان نے سردار عبدالرحیم کو سالگرہ کی مبارکباد دی اور ان کی صحت، خوشحالی، درازیِ عمر اور سیاسی و تنظیمی کامیابیوں کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

بقیہ نمبر 51 «قوم کی آواز»

سے استقبال سفیر حمید اصغر کے ساتھ ساتھ ڈاکٹر مبشر بھٹی اور لیاقت علی گگری نے کیا، جنہوں نے آنے والے مندوبین کو خوش آمدید کہا۔ ملاقات کے دوران وفد کو پاکستان افریقہ اکنامک کونسل کے وژن، مقاصد، اسٹریٹجک روڈ میپ اور جاری اقدامات کے بارے میں بریفنگ دی گئی، تاکہ کاروبار، سرمایہ کاری اور ادارہ جاتی تعاون کے لیے بامعنی مواقع پیدا کیے جا سکیں۔ نائیجیرین وفد نے پاکستان افریقہ اکنامک کونسل کے وژن کو سراہا اور مسلسل روابط و تعاون میں دلچسپی کا اظہار کیا۔ دورہ ادارہ جاتی سووینئرز کے تبادلے کے ساتھ اختتام پذیر ہوا۔

بقیہ نمبر 52 «قوم کی آواز»

سے فوری نوٹس کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق اضلاعی حکومت اور بلدیاتی امور کا اہم ترین مرکز ضلع کونسل آفس جیکب آباد انتظامی نااہلی اور مجرمانہ غفلت کا شاہکار بن گیا ہے۔ سیوریج کا گندا اور تعفن زدہ پانی سرکاری عمارت کی حدیں پار کرتے ہوئے دفاتر کے اندر داخل ہوچکا ہے، جس کے باعث نہ صرف آؤٹ بلاک بلکہ دیگر اہم شعبے بھی جوہڑ کی شکل اختیار کر گئے ہیں۔ ڈرینیج سسٹم کی مکمل ناکامی اور نالیوں کی صفائی نہ ہونے کی وجہ سے ضلع کونسل آفس کے مین گیٹ سے لے کر اندرونی بلاکس تک گندا پانی جمع ہوچکا ہے بدبودار پانی خاص طور پر آؤٹ آفیسر کے دفتر اور ملحقہ کمروں میں داخل ہوگیا ہے، جس کی وجہ سے اہم سرکاری ریکارڈ اور فائلیں خراب ہونے کا شدید خطرہ پیدا ہوگیا ہے۔ دفتر میں ڈیوٹی دینے والے ملازمین گندے پانی سے گزر کر ڈیوٹی انجام دینے پر مجبور ہیں جبکہ اپنے مسائل کے حل کے لیے آنے والے عام سائلین اور شہریوں کو شدید مشکلات اور گندے پانی کی تعفن کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ حیران کن طور پر جو ادارہ پورے ضلع اور دیہی علاقوں کی صفائی ستھرائی اور ڈرینیج کے منصوبوں کا ذمہ دار ہے، وہ اپنے ہی مرکزی دفتر کو سیوریج کے پانی سے بچانے میں مکمل طور پر ناکام ثابت ہوا ہے۔ روزانہ کروڑوں روپے کے ترقیاتی فنڈز اور صفائی کا بجٹ دکھانے والی بلدیاتی و ضلعی انتظامیہ گندے پانی کی اس نکاسی کے معاملے پر آنکھیں بند کیے بیٹھی ہے اور متعلقہ افسران کی مجرمانہ خاموشی نے ملازمین کے دلوں میں شدید اشتعال پیدا کردیا ہے۔ جیکب آباد کے بیدار شہریوں اور سماجی تنظیموں نے اس عبرتناک صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر جیکب آباد، میونسپل کمشنر اور محکمہ بلدیات سندھ کے اعلیٰ حکام سے فوری مطالبہ کیا ہے کہ ضلع کونسل آفس میں ہنگامی بنیادوں پر سکشن مشینوں کے ذریعے سیوریج کے گندے پانی کی نکاسی کو یقینی بنایا جائے۔ نالیوں اور نالوں کی سائنسی بنیادوں پر صفائی کرائی جائے تاکہ سرکاری عمارتوں کا یوں تماشا نہ بنے۔ غفلت اور نااہلی کا مظاہرہ کرنے والے متعلقہ ڈرینیج انچارج اور ذمہ دار افسران کے خلاف سخت تادیبی کارروائی کی جائے دوسری جانب اس سلسلے میں چیئرمین ضلع کونسل طاہر کھوسو سے رابطے کی کوشش کی گئی انکا نمبر مسلسل مصروف ملا۔

ابھی بینک کا ایس او ایس گروپ اور ساؤتھ ایئر کیساتھ اشتراک

ملازمین کے لیے ایڈوانس تنخواہوں کی سہولیات متعارف، سہیل خان، مریم پرویز، کبیر نقوی اور کنور محمد طارق معاہدے میں موجود

کراچی (بزنس رپورٹر) کراچی اے بی ایچ آئی مائیکروفنانس بینک فخر سے اعلان کرتا ہے کہ اس نے ایس او ایس گروپ اور ساؤتھ ایئر کے ساتھ اشتراک کیا ہے تاکہ اپنے ملازمین کے لیے ایڈوانس تنخواہ کی سہولتیں متعارف کروائے، جو انہیں اس وقت زیادہ سے زیادہ ضرورت ہو۔ اس اشتراک کے ذریعے، ملازمین کو یہ سہولت حاصل ہوگی کہ وہ اپنی مستحق تنخواہ کا ایک حصہ ضرورت پڑنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

ریسکیو 1122 کی ہنگامی خدمات کو مزید مؤثر بنایا جائے، گیانچند ایسرانی

مشیر وزیر اعلیٰ سے ڈائریکٹر ایمرجنسی ریسکیو سروس ڈاکٹر عابد جلال الدین شیخ کی ملاقات

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مشیر وزیر اعلیٰ سندھ برائے محکمہ بحالی گیان چند ایسرانی سے ڈائریکٹر آپریشنز سندھ ایمرجنسی ریسکیو سروس 1122 ڈاکٹر عابد جلال الدین شیخ نے انکے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات میں ادارے کی مجموعی کارکردگی، جاری آپریشنز، ایمرجنسی رسپانس سسٹم اور مختلف انتظامی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈاکٹر عابد جلال الدین شیخ نے مشیر وزیر اعلیٰ کو ریسکیو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

کے الیکٹرک کے بڑے بریک ڈاؤن سے کراچی کو پانی کی فراہمی معطل

بجلی بحال ہوتے ہی فراہمی بحال کر دی جائے گی، واٹر کارپوریشن

کراچی (این این آئی) کے الیکٹرک کے بڑے بجلی بریک ڈاؤن کے باعث پیری میں واقع واٹر کارپوریشن کے پمپنگ اسٹیشن سے کراچی کے مختلف علاقوں کو پانی کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

احسن آباد میں 5 افراد کی ہلاکت، فارنزک نمونے جمع نہ ہو سکے

پوسٹ مارٹم مکمل، ایم ایل رپورٹ نہ ملنے پر کیمیکل و فارنزک نمونے تجزیے کیلئے جمع نہ کرائے جاسکے، تحقیقات متاثر ہونے کا خدشہ

کراچی (این این آئی) احسن آباد میں ایک ہی گھر سے میاں، بیوی اور ان کے 3 بچوں سمیت 5 افراد کی لاشیں ملنے کے واقعے میں پوسٹ مارٹم کے دوران حاصل کیے گئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

آئی جی سندھ کی افسران و اہلکاروں کی زبردست حوصلہ افزائی

خدمات کا اعتراف جاری رکھیں گے، آزاد خان کے ہمراہ عرفان بلوچ، سمیع اللہ سومرو، طارق الٰہی مستوئی سمیت ٹیموں کو اسناد سے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ویسٹ پولیس اور اسپیشل انویسٹی گیشن یونٹ کی ٹیموں کو غیر معمولی کارکردگی پر تعریفی اسناد سے نوازا گیا ہے۔ آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو نے ایڈیشنل آئی جی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

سندھ ہائی کورٹ، زیب النسا قتل کیس، ملزم کی سزائے موت عمر قید میں تبدیل

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ نے جمشید کوارٹرز میں گھریلو تنازع پر خاتون زیب النسا کے قتل کے مقدمے میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

کراچی، گلشن بہار میں پولیس کاکومبنگ آپریشن، متعدد مشتبہ افراد کی بائیومیٹرک تصدیق

کراچی (این این آئی) ڈسٹرکٹ ویسٹ کے مختلف علاقوں میں جرائم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

سرمایہ کاری کی راہ میں حائل رکاوٹیں دور کرنا ہیں، قیصر احمد شیخ

قیصر احمد شیخ کو معاشی امور میں اہم عہدہ دیا جائے، محمد اکرام راجپوت، زبیر طفیل، خالد تواب، کنور قطب الدین خان، زاہد حمید بھی موجود

کراچی (بزنس رپورٹر) وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری بورڈ قیصر احمد شیخ نے کہا ہے کہ کورنگی انڈسٹریل ایریا پاکستان کی مجموعی ایکسپورٹ میں 9 فیصد حصہ رکھتا ہے جس سے اس صنعتی زون کی اہمیت بہت زیادہ ہے۔ پاکستان کے تاجروں اور سرمایہ کاروں میں اتنی اہلیت اور صلاحیت تھی کہ چین نے تجارت پاکستان کی بزنس کمیونٹی سے سیکھی ہے لیکن اب چین دنیا کی دوسری بڑی معیشت بن گئی اور ہم ابھی تک جدوجہد کر رہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

اختر شاہین رند کی صدارت، ہیلتھ رپورٹرز ایسوسی ایشن کا اہم اجلاس

عمران پیرزادہ، نائلہ نظام، ابراہیم رند، کنول جتوئی، شاہد میر سہتو، رضوان جلالی، خالد حسین جلبانی اور وسیم ہاشمی کی خاص شرکت

کراچی (ہیلتھ رپورٹر) ہیلتھ رپورٹرز ایسوسی ایشن کے صدر اختر شاہین رند اور جنرل سیکریٹری عمران پیرزادہ کی زیر صدارت کراچی پریس کلب میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں جوائنٹ سیکریٹری نائلہ نظام، فنانس سیکریٹری ابراہیم رند، انفارمیشن سیکریٹری کنول جتوئی، ڈپٹی انفارمیشن سیکریٹری شاہد میر سمتو سمیت کمیٹی کے اراکین رضوان جلالی، خالد حسین جلبانی اور وسیم ہاشمی نے شرکت کی۔ اجلاس میں نائلہ نظام کو جوائنٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

عوامی مسائل حل کیلئے فنکشنل لیگ ہر سطح پر آواز بلند کریگی، سردار عبدالرحیم

سردار عبدالرحیم نے کہا کہ ڈسٹرکٹ ساؤتھ کراچی کا ایک اہم اور گنجان آباد ضلع ہے، جہاں شہریوں کو طویل عرصے سے مختلف بنیادی مسائل کا سامنا ہے

کراچی (بزنس رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ فنکشنل سندھ کے سیکریٹری جنرل سردار عبدالرحیم نے کہا ہے کہ کراچی کے عوام کو درپیش بنیادی مسائل کے حل کے لیے پاکستان مسلم لیگ فنکشنل ہر سطح پر آواز بلند کرے گی، شہر کے عوام کو صاف پانی، بہتر سیوریج، صفائی ستھرائی، صحت، تعلیم، ٹرانسپورٹ اور بنیادی شہری سہولیات کی فراہمی ان کا بنیادی حق ہے، عوام کو ان کے حقوق سے محروم نہیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

ستارہ آرٹ پروموٹرز کی جانب سے پروڈیوسر ستارہ زیدی کا ورائٹی پروگرام 'ہم آپ کے ہوئے'

پروڈیوسر ستارہ زیدی نے اپنی روایت کے مطابق کراچی تھیٹر اور میڈیا سے وابستہ شخصیات کو سندھ کا روایتی تحفہ اجرک پیش کی

کراچی (شوبز رپورٹر) ستارہ آرٹ پروموٹرز کی جانب سے ورائٹی پروگرام "ہم آپ کے ہوئے" شاندار کامیابی سے ہمکنار ہوا، فنکاروں کی سپر فارمنس نے چار چاند لگا دیئے" پروڈیوسر ستارہ زیدی نے کراچی تھیٹر اور میڈیا سے وابستہ شخصیات کو سندھ کا روایتی تحفہ اجرک پیش کی اور ثابت کیا کہ کسی طرح اپنے سینئرز اور میڈیا سے وابستہ شخصیات کی عزت افزائی کی جاتی ہے، پروگرام کے سرپرست اعلیٰ شہزاد عالم تھے جبکہ چیف آگنائزر ایم جبیل راہی تھے پروگرام میں ورسٹائل شانزے اور شبیر بھٹی نے مشہور زمانہ گیت "کوئی پتھر سے نا مارے میرے دیوانے کو" بہترین پرفارمنس پیش کی، اور شائقین سے داد وصول کی، شانزے اور صباء شیخ فی ہوسٹنگ کے فرائض بھی خوش اسلوبی سے انجام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

پاکستان، نائیجیریا کی اقتصادی تعاون کو مضبوط بنانے کی طرف پیش قدمی

حامد اصغر، ڈاکٹر مبشر بھٹی اور لیاقت علی مگری کا نائیجیریا کے نیشنل انسٹیٹیوٹ برائے سیکیورٹی اسٹڈیز وفد کا شاندار استقبال

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) نائیجیریا کے نیشنل انسٹی ٹیوٹ برائے سیکیورٹی اسٹڈیز کے ایک وفد نے پاکستان افریقہ اکنامک کونسل (PAC) کے اسلام آباد دفتر کا دورہ کیا تاکہ پاکستان اور نائیجیریا کے درمیان ادارہ جاتی تعلقات اور دوطرفہ تعاون کو مضبوط بنایا جاسکے۔ وفد کا گرمجوشی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

جیکب آباد ضلع کونسل آفس گندے نالے میں تبدیل! سیوریج کا تعفن زدہ پانی دفاتر میں داخل، شہر کی صفائی کا دعویٰ کرنے والے ادارے کا اپنا ہی دفتر ڈوب گیا؛ آڈٹ آفیسر کے کمرے سمیت پورے بلاک میں بدبودار پانی کا راج

جیکب آباد (نامہ نگار) جیکب آباد ضلع کونسل آفس گندے نالے میں تبدیل! سیوریج کا تعفن زدہ پانی دفاتر میں داخل، شہر کی صفائی کا دعویٰ کرنے والے ادارے کا اپنا ہی دفتر ڈوب گیا؛ آڈٹ آفیسر کے کمرے سمیت پورے بلاک میں بدبودار پانی کا راج! حکام بالا کی مجرمانہ خاموشی اور بے حسی برقرار؛ ڈیوٹی پر مامور سرکاری عملہ اور آنے والے سائلین شدید اذیت کا شکار! میونسپل انتظامیہ کی نااہلی پر شہری پھٹ پڑے؛ اعلیٰ حکام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

سوشل اینڈ کمرشل رائونڈاپ

ترتیب: علیم نواب خان

تصاویر: نسیم خان

پرویز مدراس والا کے پاکستان آسٹریلیا بزنس فورم کی کراچی میں شاندار سالانہ تقریب

ہائی کمشنر آسٹریلیا برائے پاکستان ٹموتھی کین مہمان خصوصی، کہا دونوں ممالک میں تجارتی تعلقات میں زیادہ صلاحیت ہے

ہمارے فورم نے کووڈ 19 وبا سے پیدا ہونیوالی رکاوٹ کے دوران بھی دوطرفہ تجارتی تعلقات کو فروغ دیا، پرویز مدراس والا

مختلف شعبوں میں خدمات کے اعتراف میں معروف تاجروں اور کاروباری شخصیات کو ایوارڈ بھی پیش، شعلہ بیاں کمپیئر سدرہ اقبال کی عمدہ نظامت

پاکستان (بزنس رپورٹر) آسٹریلیا تجارتی تعلقات میں زیادہ صلاحیت موجود ہے: ٹموتھی کین ذہیر یعقوب بزنس لیڈرز، سرکاری افسروں اور تجارتی نمائندوں کراچی میں پاکستان آسٹریلیا بزنس فورم (PABF) کی سالانہ ایوارڈ تقریب کے لیے جمع ہوئے، جہاں فورم نے دونوں ممالک کے درمیان تجارتی تعلقات کو وسعت دینے کے لیے کی جانے والی کوششوں کو اجاگر کیا۔ تقریب میں ٹموتھی کین، آسٹریلیا کے ہائی کمشنر برائے پاکستان اور PABF کے پیٹرن ان چیف نے شرکت کی۔ ان کی شرکت سے پاکستان اور آسٹریلیا کے درمیان کاروبار، سرمایہ کاری اور تجارتی تعلقات کو مضبوط بنانے کی اہمیت کا اظہار ہوا۔ PABF کے چیئرمین پرویز مدرساوالا نے کہا کہ فورم نے کووڈ-19 وبا سے پیدا ہونے والی رکاوٹ کے دوران بھی دوطرفہ تجارتی تعلقات کو فروغ دینے میں اپنا کردار جاری رکھا۔ انہوں نے کہا کہ تنظیم نے دونوں ممالک میں کاروباری اداروں اور تنظیموں کے درمیان رابطہ برقرار رکھنے کے لیے ورچوئل پلیٹ فارمز کا استعمال کیا، اس وقت جب بین الاقوامی سفر اور روایتی تجارتی سرگرمیاں سخت پابندیوں کا شکار تھیں۔ مدرساوالا کے مطابق PABF نے آسٹریلوی ہائی کمیشن، آسٹریڈ، پاکستان کے تعاون سے ویبینارز کی ایک سیریز کا اہتمام کیا۔ سڈنی میں ٹریڈ کمیشن، پاک-ستان ہائی کمیشن اور فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے حکام۔ آن لائن روابط نے کاروباری اداروں کو معلومات کے تبادلے، ممکنہ شراکت داروں کی نشاندہی اور تعاون کے نئے شعبوں کو وسعت دینے کے مواقع فراہم کیے۔ انہوں نے کہا کہ فورم کی سرگرمیاں دونوں ممالک کے نجی شعبوں کو مربوط رکھنے اور کاروباری اداروں کے لیے تجارتی تعلقات کو فروغ دینے کے مواقع پیدا کرنے پر مرکوز تھیں، باوجود اس کے کہ وبا سے پیدا ہونے والے مسائل حائل تھے۔ چیئرمین نے یہ بھی اجاگر کیا کہ بین الاقوامی تجارتی تقریبات میں پاکستانی کاروباری اداروں کی شرکت کو آسان بنانے میں پی اے بی ایف کا کردار اہم ہے۔ فورم نے پاکستان کے والوں کے تاجروں کے ایک وفد کی قیادت کی جو گلف-فوڈ ایکسپو 2025 میں دبئی گیا، جو خوراک اور مشروبات کی صنعت کی بڑی بین الاقوامی تقریبات میں سے ایک ہے۔ آسٹریڈ کے ساتھ ہم آہنگی کے ساتھ، پی اے بی ایف نے اراکین کے لیے ون ٹو-ون بزنس میٹنگز کا اہتمام کیا۔ نمائش کے دوران وفد۔ میٹنگوں نے پاکستانی تاجروں کو براہ راست ممکنہ کاروباری شریکوں سے رابطہ کرنے اور نئے تجارتی روابط کے مواقع تلاش کرنے کے قابل بنایا۔ فورم نے کہا کہ ایسی پہلیں اس کی وسیع تر کوششوں کا حصہ ہیں تاکہ پاکستانی کاروباروں کو بین الاقوامی منڈیوں میں زیادہ نمائش فراہم کی جاسکے اور آسٹریلوی اور دیگر عالمی کاروباری برادریوں کے ساتھ روابط کو آسان بنایا جاسکے۔ سالانہ تقریب نے ان کمپنیوں اور افراد کو تسلیم کرنے کے موقع کے طور پر بھی کام کیا جنہوں نے پاکستان-آسٹریلیا تجارت کی توسیع میں حصہ ڈالا ہے۔ پی اے بی ایف نے متعدد شعبوں میں اپنی خدمات کے اعتراف میں معروف تاجروں اور کاروباری شخصیات کو ایوارڈز پیش کیے۔ ایوارڈز میں ان کاروباروں کو شامل کیا گیا جو زراعت، خوراک، تعلیم، توانائی اور ٹیکنالوجی سے وابستہ ہیں، جو ان متنوع شعبوں کی عکاسی کرتے ہیں جن میں پاکستان اور آسٹریلیا کے درمیان تجارتی روابط ترقی کر چکے ہیں۔ اس اجتماع میں نجی شعبے اور تجارتی اداروں کے نمائندے یکجا ہوئے، جس نے دوطرفہ کاروباری روابط میں ہونے والی پیش رفت اور مزید تعاون کے امکانات پر بات چیت کا موقع فراہم کیا۔

☆☆☆



گلگت بلتستان کی کاروباری خواتین پر ٹڈاپ، ہنزہ چیمبر اور ویمن چیمبر گلگت ڈویژن مہربان

پانچ روزہ آل پاکستان ویمن چیمبر نمائش 2026 کامیابی سے کریم آباد ہنزہ میں اختتام پذیر، نیا سنگ میل عبور

ڈپٹی ڈائریکٹر ٹڈاپ گلگت نذیر علی نے کاروباری سیمینار میں تفصیلی آگاہی دی، شرکاء کے سوالات کے تسلی بخش جوابات دیئے

فعال طور پر شرکت کرنے اور اپنی مصنوعات کی کامیاب نمائش کرنیوالی خواتین میں سرٹیفکیٹ اور اپریسی سیشن بھی تقسیم

کراچی (بزنس رپورٹر) ویمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری گلگت ڈویژن نے ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (TDAP) اور ہنزہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے اشتراک سے پانچ روزہ آل پاکستان ویمن چیمبرز ایگزیبیشن (APWCE-2026) کامیابی سے مکمل کرلی۔ نمائش 18 سے 22 ستمبر 2026 تک کریم آباد، ہنزہ میں منعقد ہوئی، جس میں ملک کے مختلف صوبوں سے تعلق رکھنے والی خواتین کاروباری شخصیات اور صنعت کاروں نے بھرپور شرکت کی۔ نمائش کا مقصد مختلف سماجی و معاشی پس منظر رکھنے والی خواتین کاروباری شخصیات کو بااختیار بنانا، ان کی تیار کردہ مصنوعات کو قومی و بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی فراہم کرنا اور بین العلاقائی تجارتی روابط کو فروغ دینا تھا۔ پانچ روزہ نمائش میں خواتین کی زیر قیادت مائیکرو، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (SMEs) کی مصنوعات، علاقائی ثقافت، دستکاری اور کاروباری صلاحیتوں کو نمایاں کیا گیا۔ ٹی ڈی اے پی کی جانب سے خواتین کاروباری شخصیات کی حوصلہ افزائی کے لیے 10 منتخب اور باصلاحیت چھوٹے و درمیانے کاروباری اداروں کو مکمل طور پر فنڈ ڈ نمائش اسٹالز فراہم کیے گئے، جبکہ ہنزہ میں نمائش کے پانچوں دنوں کے لیے ان کے قیام کی سہولت بھی مفت فراہم کی گئی۔ نمائش کے دوران ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان گلگت کی جانب سے ''گلگت بلتستان کی مقامی مصنوعات کی برآمد سے متعلق چیلنجز اور مسائل'' کے موضوع پر ایک اہم اور معلوماتی سیمینار بھی منعقد کیا گیا۔ سیمینار میں مختلف تجارتی اداروں کے نمائندگان، ہنزہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ایگزیکٹو ممبران، غیر سرکاری تنظیموں کے نمائندگان اور مختلف شعبہ ہائے معیشت سے تعلق رکھنے والے نمایاں کاروباری افراد نے شرکت کی۔ ٹی ڈی اے پی گلگت کے ڈپٹی ڈائریکٹر نذیر علی نے سیمینار میں موضوع پر تفصیلی پریزنٹیشن پیش کی۔ انہوں نے گلگت بلتستان کی مقامی مصنوعات کو عالمی منڈیوں تک پہنچانے کے لیے مارکیٹ تک رسائی، معیار برقرار رکھنے، برانڈنگ اور برآمدی لاجسٹکس سے متعلق حکمت عملی پر روشنی ڈالی اور مقامی مصنوعات کی برآمدات بڑھانے کے لیے ممکنہ راستوں کی نشاندہی کی۔ پریزنٹیشن کے بعد نذیر علی نے مقامی اسٹیک ہولڈرز کی جانب سے اٹھائے گئے سوالات اور تحفظات کا تفصیلی جواب بھی دیا۔ سوال و جواب کے اس سیشن میں مقامی کاروباری افراد کو اپنی مصنوعات کی برآمد اور بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی کے حوالے سے مختلف امور پر رہنمائی فراہم کی گئی۔ سیمینار کے اختتام پر پانچ روزہ نمائش میں فعال طور پر شرکت کرنے اور اپنی مصنوعات کی نمائش کرنے والی خواتین کاروباری شخصیات میں سرٹیفکیٹس آف اپریسی ایشن بھی تقسیم کیے گئے۔ اس موقع پر مقامی نمائندین، کاروباری شخصیات، تجارتی اداروں کے نمائندگان اور چیمبر قیادت نے ویمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری گلگت ڈویژن کے ساتھ نمائش کے انعقاد میں ٹی ڈی اے پی کی جانب سے فراہم کردہ ادارہ جاتی تعاون اور معاونت کو سراہا۔ شرکاء اور تجارتی حلقوں نے آل پاکستان ویمن چیمبرز ایگزیبیشن کو علاقائی خواتین کاروباری شخصیات کو قومی اور بین الاقوامی تجارتی ویلیو چینز سے منسلک کرنے کی جانب اہم پیش رفت قرار دیا۔